صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 17 ستمبر 2013 بمطابق 10 ذیقعد 1434 ہجری بعداز دوپہر چار بجے منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ ٱلشَّیۡطَـٰنِ ٱلرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ ٱللّٰہِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔

إِنَّ ٱلۡأَبۡرَارَ لَفِى نَعِيمٍ o وَإِنَّ ٱلۡفُجَّارَ لَفِى جَحِيمٍ o يَصۡلَوۡنَهَا يَوۡمَ ٱلدِّينِ o وَمَا هُمۡ عَنۡهَا
بِغَآئِبِينَ o وَمَآ أَدۡرَىٰكَ مَا يَوۡمُ ٱلدِّينِ o ثُمَّ مَآ أَدۡرَىٰكَ مَا يَوۡمُ ٱلدِّينِ o يَوۡمَ لَا تَمۡلِكُ نَفۡسٌ لِّنَفۡسٍ
شَيۡـًٔا ۖ وَٱلۡأَمۡرُ يَوۡمَئِذٍ لِّلَّهِ۔

ترجمہ:۔ بے شک نیکوکار نعمتوں (کی بہشت) میں ہوں گے۔ اور بدکردار دوزخ میں۔ (یعنی) جزا کے دن اس میں داخل ہوں گے۔ اور اس سے چھپ نہیں سکیں گے۔ اور تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے؟ پھر تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے؟ جس روز کوئی کسی کا بھلا نہ کر سکے گا اور حکم اس روز خدا ہی کا ہوگا۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

محترمہ عظمیٰ خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ عظمیٰ خان، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ محترم جناب سپیکر! انتہائی اہم مسئلہ تھا اس لئے میں نے پہلے اٹھانا چاہا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ ایک وحشی پن کا، درندگی کا مظاہرہ ہم پنجاب میں دیکھ چکے ہیں جناب سپیکر اور یہ ناسور اب ہمارے صوبے تک پہنچ گیا جناب سپیکر۔ کل ہمارے پشاور میں ایک بارہ سالہ بچی اور ایک چودہ سالہ بچی جن کو ابھی Recover کیا گیا جناب سپیکر، چار دن پہلے وہ سکول سے اغوا ہوئی ہیں، انہیں کہاں رکھا گیا؟ ان کے ساتھ اتنی زیادتیاں کی گئیں جناب سپیکر، اور Distance کیا تھا جناب سپیکر؟ حسن گڑھی جو ورسک روڈ پر موجود ہے، وہاں سے اٹھا کر انہیں شامی روڈ پر رکھا گیا تھا جناب سپیکر۔ میرے خیال سے پولیس کیلئے Investigate کرنا اتنا مشکل نہیں تھا، اتنے قریبی Distance میں وہ تھیں۔ آج جب ان کو Recover کیا گیا جناب سپیکر، ان کو وہاں چھوڑنے سے پہلے زہر دینے کی بھی کوشش کی گئی تھی لیکن معجزانہ طور پر وہ بچ چکی ہیں جو کہ دونوں بہنیں تھیں جناب سپیکر، ایک کی عمر بارہ سال اور دوسری کی چودہ سال ہے۔ جناب سپیکر! مجھے سمجھ نہیں آتی، ایسے واقعات تو ہم آئے روز دیکھ رہے ہیں لیکن آج تک ہم نے یہ نہیں دیکھا کہ کسی ایک مجرم کو سزا ہوئی ہو جناب سپیکر۔ مجرم لائے جاتے ہیں، صرف میڈیا کے سامنے پیش کر دیتے ہیں اور پھر غائب ہو جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، ایسے لوگوں کو سرعام ایک کو پھانسی پر لٹکا دیں، میں یقین سے کہتی ہوں کل کوئی ایسا واقعہ نہیں ہوگا (تالیاں) جناب سپیکر! خیبر پختونخوا کے حالات ایسے ہیں کہ آج بھی اگر بچیوں کو سکول بھیجا جاتا ہے جناب سپیکر، تو ماں باپ کے دل دہل رہے ہوتے ہیں کہ وہ اب واپس کیسے آئیں گی؟ اس واقعے کے بعد آپ کیا سمجھتے ہیں کہ یہاں ہماری بچیوں کی تعلیم کی سطح بلند ہو گی یا کم ہو گی جناب سپیکر؟ ہمارے پاس جناب سپیکر، چائلڈ ایکٹ موجود ہے، چائلڈ کمیشن موجود ہے، Play کریں اپنا Role جناب سپیکر، لائے مجرموں کو سامنے، اس کیلئے ہم لجسلیشن کریں، جو ایسے کام کا مرتکب ہوگا اس کو پھانسی دی جائے جناب سپیکر، اس کیلئے سزائیں سخت رکھیں تاکہ آئندہ کوئی ایسی حرکت نہ کر سکے جناب سپیکر اور میری یہ درخواست ہو گی کہ حکومت کے وزراء خود اس مسئلے کو Tackle کریں۔ ان کے خاندانوں کے ساتھ ہمدردی بھی کریں، جائیں جناب سپیکر اور خود اس کیس کو لیں۔ یقیناً اس دفعہ ہم یہ امید رکھتے ہیں کہ آپ مجرموں کو سزا دینگے اور ہمارے سامنے اسمبلی

میں فخر سے کہیں گے کہ یہ دیکھیں وہ مجرم جنہوں نے بچیوں کے ساتھ ایسی حرکت کی تھی۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اسرار اللہ خان گنڈاپور۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): سر! یہ کافی دلخراش واقعہ ہے جس طرح انداز میں انہوں نے بیان کیا اور جیسا کہ ہمارے نوٹس میں ابھی لائی ہیں تو اس کا سر یقیناً یہاں پر ہوم ڈیپارٹمنٹ اور پولیس کے اہلکار بیٹھے ہوئے ہیں، اس فلور سے میں ان کو ہدایت جاری کرتا ہوں کہ اس کا پورا نوٹس لے لیں اور ان شاء اللہ کل تک ہم اس پوزیشن میں ہونگے کہ اس کا جو باقاعدہ گورنمنٹ کا Version ہے، ہاؤس کے سامنے رکھ سکیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یقیناً یہ میڈم عظمیٰ نے بڑے Heinous nature of offence کی بات کی ہے جس کو میں Appreciate کرتا ہوں اور گزارش کرتا ہوں کہ اس پہ Immediately action لیا جائے، تھینک یو۔ 'کوئسچنز آور' پہ بات کرتے ہیں جی، پھر اس کے بعد۔ معزز اراکین اسمبلی! اسمبلی کے آج کے اس اجلاس میں ہمارے معزز مہمان _ ٹانک، لکی مروت اور بلوچستان سے کچھ صحافی بھائی تشریف فرما ہیں، میں اپنی طرف سے اور پورے ایوان کی طرف سے ان کو ویلکم کہتا ہوں، خوش آمدید۔

(تالیاں)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور' ہے جی۔ یہ کوئسچن نمبر 14 ہے، جناب زرین گل صاحب سے گزارش ہے۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! زما مقصد د دې کوئسچن، جی زه ستاسو توجه را ګرځول غواړم۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! زما د دې کوئسچن مطلب دا وو چې په دیکښې پسند ناپسند شوے دے۔ جواب دوئ په دې دغه کښې د "ب" په جواب کښې ما ته وئیلی دی چې د پی ایس ټی تعیناتی چې ده، دا یونین کونسل وائز میرټ پالیسئ باندې شوې ده۔ سپیکر صاحب، زه حیران دې محکمې ته یم، دوئ

هډو د سره خبر نه دی او دې دهوکې ته ئے وګوره، دې جواب ته ئے وګوره، ما دې هاؤس کښې 2013-9-11 باندې په بلديات کښې يو اسمبلی کوئسچن کړے وو، بلديات والو ما له دغه کړے وو، ما وئيل چې ضلع تور غر کښې يونين کونسلې Exist کوی؟ نو ما ته ئے دا جواب راکړے وو چې په تور غر کښې نه يونين کونسلې شته او نه د مخکښې نه د دې څه وجود وو، دا د حکومت بله محکمه ما ته وائی چې دا مونږه چې کومه پاليسی جوړه کړې ده نو دا مونږه ستا په دې تورغر کښې يونين کونسل وائز جوړه کړې ده، نو زه عجيبه دې خبرې ته حيران يم چې د حکومت دې دغه ته وګورئ چې يو ډيپارټمنټ وائی چې د سره هلته يونين کونسل Exist کوی نه، نه چرته وو او بله محکمه وائی چې دا پاليسی چې کوم دے يونين کونسل وائز مونږه جوړه کړې ده نو جناب سپيکر صاحب، دا د پسند او ناپسند په بنياد شوې ده، زه د دې نه مطمئن نه يم جی او دا د هاؤس استحقاق مجروح شوے دے ، دا غلط بيانی پکار ده چې دا ډيپارټمنټ، او زه جی دا وايم سپيکر صاحب، يو بله خبره درته کوم، دا ډيپارټمنټ چې کوم دے ، دې دا ملک غرق کړو، بلها سيکرټرياں پکښې ناست دی، دا ئے فلانکے سيکرټری او دا ئے فلانکے سيکرټری او دا ئے فلانکے سيکرټری، تعليم چې کوم دے د سره دغه ونکړه، سکولونه تباه و برباد پراته دی، د سره دا سسټم هډو ختم کړئ چې که دا حال وی چې کوم د تعليم سره دوئ کوی او کومه پاليسی د خپلې مرضئ دوئ جوړوی لګيا وی، ميرټ په خپله مرضئ جوړوی او پخپله رولز ځان له جوړوی، زه د دې تپوس کوم، ما له د جناب سپيکر صاحب! د دې جواب راکړی ګنی زما استحقاق دے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب یوسف ایوب صاحب سے گزارش ہے کہ وہ جواب دیدیں۔

<u>جناب یوسف ایوب خان (وزیر تعمیرات)</u>: شکریہ، سپیکر صاحب۔ میری ایک گزارش سن لیں آپ بھی، میری ریکویسٹ یہ ہے کہ منسٹر ابھی آنے والے ہیں، تھوڑی دیر میں، اگر اس کو کچھ دیر کیلئے ڈیفر کیا جائے تو متعلقہ منسٹر آ کے ان کی Satisfaction کے مطابق ان کو جواب دیدینگے۔ میرا خیال ہے پانچ دس منٹ اگر ایجوکیشن کے سوالوں کو ڈیفر کیا جائے۔ شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فی الحال اس کو پینڈنگ رکھتے ہیں۔ کوئسچن نمبر 32، جناب زرین گل صاحب، ایم پی اے۔

جناب زرین گل: جناب سپیکر صاحب! نو دا خو بیا هغه د تعلیم وزیر نشته نو بیا به څه چل کوؤ؟

ایک رکن: تعلیم والا ټول۔۔۔۔

جناب زرین گل: بیا د تعلیم سره متعلقه دا کوئسچن دے۔۔۔۔۔۔

ایک رکن: تعلیم والا ټول۔۔۔۔

جناب زرین گل: نو جناب سپیکر صاحب! که دا سې دا وزیران کوی نو بیا پکار ده چې مونږه دې هاؤس ته هډو راځو نه، دا څنګه حالات دی؟

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب، دا خو بالکل دا سې ده چې کوم دا پارلیمانی سیکرټریان چې دی نو دا څه له به پکارېږی؟

جناب زرین گل: دا څه کار دے لکه دا چې کوم دوئ کار جوړ کړے دے؟ دې سوالاتو ته ئے وګوره، دې جواباتو ته ئے وګوره او د دوئ دې ناستې ته وګوره، د دوئ دې دغه ته وګوره،___ دومره دوئ دا شے سیریس نه ګڼی، اخر دا څه ډسټرکټ کونسل خو نه دے، د درې کروړو عوامو یو هاؤس دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اشتیاق ارمڑ صاحب سے گزارش ہے کہ بات کریں، اشتیاق ارمڑ صاحب۔

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی تاسو پلیز لږ دا واورئ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، پکار ده چې دا اوس حاضر وے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی۔ پلیز، تاسو دا لږ واورئ۔

سید محمد اشتیاق: زه تاسو ته دا وایم جی، ټول راروان دی ان شاء اللہ۔

(قطع کلامیاں)

جناب شاہ حسین خان: کوم دی؟

سید محمد اشتیاق: ستاسو خبره په خپل ځائې صحیح ده، نه زه دا وایم چې ستاسو خبره بالکل ټهیک ده، پکار ده چې هغوی دلته حاضر وے، ټائم شوے دے خو زما خو شاه فرمان صاحب سره هم خبرې وشوې، هغه هم را روان دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بالکل آپ لوگوں کا جو Objection ہے، وہ بجا ہے۔

(قطع کلامیاں اور شور)

جناب زرین گل: او ترا اوسه پورې د دوئ پته هم نه لگی۔

سید محمد اشتیاق: خیر دے کله نا کله زمونږ خبره هم منئ۔

(شور)

جناب منور خان ایڈووکیٹ: نو دا انصاف دے جی؟

سید محمد اشتیاق: نه نه، را روان دی ان شاء الله، په لاره دی او بل زمونږ لاء منسټر ناست دے که څه خبره وی نو ان شاء الله هغه به ئے Handle کړی۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 292، پلیز آپ تھوڑا انتظار کریں جی، ہم آپ سے زیادہ جو ہے، تو ان شاء اللہ اس پہ-----

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب۔

(شور)

ایک رکن: یہ بالکل سیریس نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 292، سید جعفر شاہ، ایم پی اے، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو، جناب سپیکر۔ یو خو مو دا خبره کوله جی چې د اسرار الله گنډا پور صاحب ډیر بد حال دے، د هر منسټر جواب تاسو د دوئ نه تپوس کوئ نو چې کوم دا متعلقه منسټران صاحبان دی، دوئ د مهربانی وکړی، تیار د راځی چې په هغوی باندې دا بوجه لږ کم شی۔ سوال نمبر 292۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 292 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سوات میں یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس میں سینکڑوں آسامیوں کی منظوری بھی دی جاچکی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) یونیورسٹی میں کتنی منظور شدہ آسامیاں ہیں، ان کی نوعیت اور تفصیل فراہم کی جائے، نیز کتنی آسامیاں پر کی جاچکی ہیں، باقیماندہ آسامیاں کب تک پر کی جائیں گی؛

(ii) کلاس فور، ضلعی کیڈر اور کلریکل آسامیوں کو پر کرنے کا فارمولا کیا ہے، آیا یہ ضلع کے انتخابی حلقوں کی بنیاد پر پر کی جائیں گی، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) یونیورسٹی میں ٹوٹل 1354 آسامیاں ہیں۔ 221 آسامیاں پر کی جاچکی ہیں، تفصیل درج ذیل ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ بوقت ضرورت فنڈز کی دستیابی کو دیکھتے ہوئے آسامیاں پر کرتی ہے، فی الحال فنڈز کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے یونیورسٹی آسامیوں کو پر کرنے میں احتیاط کر رہی ہے۔

(ii) یونیورسٹیوں میں ضلعی کیڈر نہیں ہوتا اور نہ ہی انتخابی حلقوں کی بنیاد پر آسامیاں پر کی جاتی ہیں۔ یونیورسٹی آف سوات میں تمام آسامیاں اوپن میرٹ کی بنیاد پر پر کی جاتی ہیں۔ تمام آسامیاں مشتہر کی جاتی ہیں۔ یونیورسٹی آف سوات ریگولیشنز 2010 کے مطابق گریڈ 1 سے لیکر 16 تک کی آسامیوں پر بھرتی کا اختیار وائس چانسلر کے پاس ہے جبکہ گریڈ 17 اور گریڈ 17 سے اوپر کی آسامیوں پر بھرتی کا اختیار سلیکشن بورڈ اور سنڈیکیٹ کے پاس ہے۔

UNIVERSITY OF SWAT

Summary of total Approved Budget Filled & Vacant positions

S. No.	Description	Approved Positions	Filled	Vacant
A	Faculty positions	546	52	494
B	Administrative Positions	808	-	-
i.	BPS-17 & above	84	14	69
ii	BPS-16 & below	724	154	570
	Grand Total	1354	221	1133

Total No. of approved budget positions (Faculty + Administration) = 1354
Total No. of Filled budget positions (Faculty + Administration) = 221
No. of Faculty Positions filled on Contract = 31
No. of Administration Positions filled on Contract (BPS 2-16) = 74
No. of Administrative Positions filled on Contract (BPS 17 & above) = 04
Budget deficit for 2013-14 = 919.663 million

جناب جعفر شاہ: جناب والا ، دا د سوات یونیورسٹئ په حوالې سره ما سوال کړے وو او هغوی دلته ماته جواب راکړے دے چې1354، دیارلس سوه او څلور پنځوس آسامیانې چې دی، دا خالی دی او پکښې دوه سوه او یویشت آسامیانې په دې پینځه کاله کښې په هغې باندې بهرتی شوې ده او نورې تر اوسه پورې خالی دی۔ جناب سپیکر صاحب، په دیکښې هغوی د غلط بیانئ نه کار اخستے دے او زما د نالج مطابق او صحیح معلوماتو مطابق هغوی په ډیلی ویجز باندې د یو یو سمسټر د پاره لګیا دی د Nepotism په بنیاد باندې خلق بهرتی کوی او هغوی له تنخواه ورکوی Simple M.Sc هلکان دی او هغوی راځی ایم ایس سی او ایم فل هلکانو ته سبق وائی، د سټوډنټانو ژوند ئے تباه کړو۔ دویمه خبره جی دا ده چې دوئ کوم کلاس فور، چې دوئ کوم ملازمین بهرتی کړی دی، ټول د یو کلی نه ئے بهرتی کړی دی، 100پرسنټ هغه د رجسټرار خپل خوریونه او وریورونه او د ترور ځامن، ترورئ ځامن او د تره ځامن،تو مشتاق غنی صاحب! سوات یونیورسٹی کا بہت برا حال ہے سر، اور آپ نے Seriously اس چیز کو Consider کرنا ہے اور میری گزارش ہوگی کہ اس سوال کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور اس کو Thrash out کیا جائے کیونکہ ساتھ ساتھ میں نے یہ بھی سنا ہے کہ جو چیز وائس چانسلر کے مینڈیٹ میں نہیں ہے، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی، Treasurer، رجسٹرار، تو پہلے وہ کنٹریکٹ پر لیتے ہیں بندوں کو، پھر ان کو Permanent کرتے ہیں حالانکہ یہ گورنر کی صوابدید ہے، یہ اس کا اختیار ہے کہ وہ ان بندوں کو According to Swat University Act بھرتی کرلیں، یہ لوگ وائس چانسلر صاحب خود بھرتی کرتے ہیں۔ پھر سر یہ ہے کہ بلڈنگ کی مرمت میں بھی کافی شکایات ہمیں موصول ہو رہی ہیں اور اس کیلئے زمین بھی خریدی گئی ہے لیکن اس کے باوجود پانچ سال سے چھ لاکھ روپے Per month ہم رینٹ اس یونیورسٹی کا ادا کر رہے ہیں تین سال سے، تو رینٹ ہم کیوں ادا کریں، کنسٹرکشن ہم شروع کیوں نہیں کرتے؟ پھر سر، یہ ہے کہ یونیورسٹی کی یہ Properties ہیں، Assets ہیں، گاڑی اور پھر ہیومن ریسورسز کو بھی آفیسرز اپنے گھروں میں اپنے Private use میں لاتے ہیں۔ لہذا میری یہ گزارش ہے کہ اس سوال کو کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ اس کو Thrash out کیا جائے اور میں آپ کو یاد دلاؤں کہ Next Session میں

جب میں ایم پی اے تھا تو یہی سوال ہم نے پوچھا تھا اور وائس چانسلر صاحب یہاں پر تشریف لائے تھے لیکن اس کے باوجود حالات جوں کے توں ہیں اور یہ اس پہ بہت سیریس ایکشن لینا چاہیئے۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر مشتاق غنی صاحب، پلیز۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، ارشاد فرمائیں۔ مائیک آن کریں۔

جناب احمد خان بہادر: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ سر، زما په دې ضمني سوال وو، عجیبه اتفاق دے جي، مشتاق غني صاحب، Concerned Minister Sahib ناست دے، زما په خیال دا زه چې راغلے یم دې هاؤس ته نن نو زما یو اووه اته روځې شوې دي او ورومبنی ځل باندې ما دا څیز لیدلے دے چې Concerned Minister ناست وي دلته خو مونږ یو اسرار الله ګنډاپور موندلے دے او جي چې څه وي، هغه هغه ته ریفر کوؤ او هغه د هغې جواب ورکوي، هر فن مولیٰ دے بلکه ما لا ده ته اووئیل چې مونږ د دې هاؤس نه یو قرارداد منظوروؤ چې تا سینیئر منسټر کړي ځکه ته خو د هر څه جواب ورکوې۔ (قطع کلامی) جناب والا! د هائر ایجوکیشن باره کښې چونکه کوئسچن دے، زه یوه خبره Add کوم جي چې د ایجوکیشن د طرف نه، هائر ایجوکیشن د طرف نه د ګریډ ایک نه ګریډ اکیس پورې په ټولو ملازمتونو باندې پابندي لګیدلې شوې وه جي، په ټولو یونیورسټو کښې د پختونخوا جي۔ بیا د ګریډ 17 نه Onward هغه Ban وچت کړے شو سوائے د ایګریکلچر یونیورسټی مردان او د عبدالولي خان یونیورسټي مردان نه، یو خو زه Concerned Minister نه دا تپوس کولے شم چې آیا دا ولې، یواځې مردان ولې؟ د نورو هر طرف نه Ban وچت شو صرف په مردان باندې ولې تر اوسه پورې Ban دے۔ بل جناب والا، هغه بله ورځ 15th تاریخ باندې زمونږ په خیبر ټي وي باندې یو پروګرام وو، د حکومت یو ذمه وار ملګری پکښې دا خبره وکړه چې مونږ د مردان یونیورسټۍ کوم وائس چانسلر وو، هغه سره Dual charge وو د اسلامیه کالج یونیورسټۍ، مونږ د هغه نه دا چارج ځکه واخستو بل تن له مو ورکړو چې هغه تن باندې د تیر شوي ګورنمنټ د امیر حیدر هوتی صاحب احسانات وو نو آیا دا Criteria ده؟ مونږ به یو کس صرف په دې وجه

بدلوؤ، هغه نه مونږ چارج اخلو چې دے تیر شوی ګورنمنټ دلته لګولے وو؟ بل دا چې مونږ د هغه نه Dual charge واخستو، هغه له مو یو چارج ورکړو نو چې دا کوم تن مونږ دلته راوستو، په دغه یونیورسټئ باندې مو کښینؤ، آیا ده سره Dual charge نن نه دے؟ بل دا سوال زه یو کولے شم جی چې یوه خبره راغلې وه چې د تیر شوی وائس چانسلر کوم چې د ولی خان یونیورسټئ وائس چانسلر دے، هغه تنخواګانې اخستې، د دوه درې ځایونو نه یوځاې تنخواګانې اخستې، آیا زمونږ منسټر صاحب سره د دې جواب شته یا داسې څه ثبوت ورسره شته چې هغه په یو ټائم باندې د اسلامیه کالج یونیورسټئ نه هم تنخواه اخستې ده او د مردان یونیورسټئ نه ئے هم اخستې ده جی؟ Thank you very much, Mr. Speaker۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب ستار خان! کوشش کریں، مختصر ٹائم لیں جی۔

جناب عبدالستار خان: سر، ہائر ایجوکیشن سے متعلق سوال ہے، یونیورسٹی کے بارے میں۔ ہمارے دوست سوات یونیورسٹی، مردان یونیورسٹی اور کافی اس پر مختلف سوالات کرتے ہیں، پوچھتے ہیں لیکن پانچ سال ہمارے گزشتہ اسمبلی میں گزرے، ہمارے ہزارہ میں واحد یونیورسٹی، ہزارہ یونیورسٹی جو کہ اس صوبے کی ایک بڑی یونیورسٹی ہے اور اس کی حالت یہ ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں میں اس کو کوئی اضافی گرانٹ نہیں ملی ہے، وقتاً فوقتاً میں اس کے وی سی سے ملتا ہوں، ہمیشہ ادارے کی طرف سے بھی شکایت ہورہی ہے کہ اس ادارے کی ڈیویلپمنٹ اور وہاں پر جو Educational activities ہیں، اس کو جاری کرنے کیلئے ہمیں اضافی وسائل نہیں دیئے جارہے ہیں۔ ہزارہ یونیورسٹی ہمارے ہزارہ ڈویژن کوہستان سے لیکر ہری پور تک واحد ادارہ ہے، یقیناً یہاں پر ہمارے دور دراز علاقے کے طلباء کو بہت بڑی پریشانی ہے، کوہستان کے لوگوں کیلئے، تو ساتھ ہم نے گزارش کی تھی کہ اس یونیورسٹی کا کیمپس ایک سب کیمپس آپ کوہستان میں بھی کھولیں (تالیاں) میں منسٹر صاحب سے گزارش کرونگا کہ اس سلسلے میں ہزارہ یونیورسٹی کی بہتری کیلئے ان کا کیا پلان ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر مشتاق غنی، پلیز۔

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو ویری مچ، جناب سپیکر۔ سید جعفر شاہ صاحب ہمارے جواب سے کچھ مطمئن نظر نہیں آئے اور اس لئے

انہوں نے اس کو کمیٹی کے سپرد کرنے کی بات کی ہے، ہمیں بالکل کوئی اعتراض نہیں ہے، اگر کہیں بھی کوئی Irregularity ہو رہی ہے، میرٹ کی Violation ہو رہی ہے، رولز ریگولیشنز کو Follow نہیں کئے جارہے تو ہماری گورنمنٹ کا بنیادی جو نظریہ ہے، وہ یہی ہے کہ کہیں بھی کسی بھی محکمے میں، کسی بھی جگہ میں کوئی بھی خرابی ہے، اس کی نشاندہی کرکے اس کا تدارک کیا جائے اور جس طرف انہوں نے نشاندہی کی، ہم ضرور اس کو خود بھی دیکھیں گے، اگر وہ ہم پر Trust کریں اور جو بھی انہوں نے جن چیزوں کی طرف نشاندہی کی ہے، ان شاء اللہ میں خود بھی وزٹ کرونگا ان کے ساتھ جاکر، اور ایک چیز کہیں رکاوٹ بنتی ہے ہماری راہ میں، جو اٹانومی ہے یونیورسٹیز کی، وہ اپنے آپ کو Autonomous body کہتے ہیں لیکن جو تھوڑا سا ہمارا ان کے ساتھ کوئی Link بنتا ہے، اس کو Use کرتے ہوئے ہم ضرور کوشش کرتے ہیں کہ جہاں بھی Irregularities کسی بھی یونیورسٹی کے اندر ہو رہی ہوں، کسی بھی Autonomous body کے اندر ہو رہی ہوں، ہم اس پر Prompt action لیتے ہیں اور جیسے ستار خان، پہلے میں احمد بہادر صاحب کا جواب، (جناب احمد خان بہادر، رکن اسمبلی سے) آپ مطمئن ہیں سر میرے جواب سے؟ میں نے ابھی جواب ہی نہیں دیا ہے ابھی۔۔۔۔۔

<u>جناب جعفر شاہ</u>: جناب سپیکر صاحب، میرے سوال لانے کا مقصد بھی اس مسئلے کو بہتر انداز سے حل کرنا ہے، اس پر مشتاق غنی صاحب سے بات کرینگے۔

<u>معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم</u>: Exactly تو آپ اور میں ان شاء اللہ وزٹ کرینگے اور جو بھی وہاں کے ایشوز ہیں، ہم ان کو ان شاء اللہ Address کرینگے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی محترم یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

<u>جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات)</u>: سپیکر صاحب! آپ کی وساطت سے مشتاق غنی صاحب سے، جعفر شاہ صاحب کی بات کو میں Endorse کرتا ہوں جی، یہ کمیٹی میں جانا چاہیئے، مشتاق غنی صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ Realistic ایک Approach ہے لیکن ساتھ ساتھ میں ہری پور یونیورسٹی کی ادھر ضرور بات کرونگا۔ جو آپ میرٹ کی Irregularities کی بات کر رہے تو ہمارے ہری پور یونیورسٹی میں تقریباً 90 فیصد ایمپلائز سفارش پر رکھے گئے ہیں اور میرٹ کی Violation ہوئی ہے، میں چاہونگا کہ جو سلیکشن پچھلے دو تین سال میں ہری پور یونیورسٹی میں ہوئی اور جس میں میں ثبوت کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ایک ایک گھر کے نو نو آدمی اس یونیورسٹی میں ماں، باپ، بہنیں، بھائی، نو نو آدمی،

جتنا خاندان ہے، وہ اس یونیورسٹی میں بھرتی کئے گئے، اس کی Violations کا (معاملہ) بھی اس کمیٹی کو دیا جائے اور جو Illegal بھرتیاں ہوئی ہیں، ان کو نکالا جائے۔ شکریہ جی۔

(تالیاں)

<u>معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم</u>: ہم تمام یونیورسٹیز کے معاملات کو دیکھ رہے ہیں، اصل میں پچھلے پانچ سالہ دور میں بے شمار یونیورسٹیز تو کھول دی گئیں، ہر جگہ پر لیکن ان کے اوپر چیک اینڈ بیلنس کی کوئی پالیسی نافذ نہیں کی گئی جس سے وہ ساری تقریباً شتر بے مہار کی طرح چلتے رہیں اور جیسے یوسف ایوب صاحب نے بڑا صحیح کہا کہ ایک ایک فیملی کے بہت سارے لوگوں کی اپوائنٹمنٹ وہاں پر کر دی گئی اور میرٹ کی بھی Violation ہوئی۔ اب ہم اس سارے معاملات کو دیکھ رہے ہیں اور ہم نے تمام یونیورسٹیز کے اوپر 4 جولائی کو ایک لیٹر لکھ کر کہ جتنی بھی اپوائنٹمنٹس ہو رہی تھیں، جنکے بارے میں ہمیں اس ہاؤس میں بھی اور Through Newspapers رپورٹس مل رہی تھیں کہ کچھ Irregularities ہو رہی ہیں، ہم نے انکے اوپر پابندی لگا دی۔ ساتھ ہی ہم نے کہا کہ آپ ہمیں ایک سال کا ریکارڈ پیش کریں اور وہ ریکارڈ ہمارے پاس تقریباً آ گیا ہے، ہم اسکو دیکھ رہے ہیں اور ہم نے ان یونیورسٹیز کے اوپر سے وہ Ban ہٹا دیا ہے، گریڈ 15 تک جنہوں نے ہمیں ریکارڈ Provide کر دیا ہے۔ اب جیسے میرے آنریبل ممبر نے کہا، مردان یونیورسٹی کی بات کی انہوں نے، وہاں سے بھی ہم نے ریکارڈ ان سے منگوایا لیکن وہ ریکارڈ ہمیں ابھی تک پورا نہیں دیا گیا، جس یونیورسٹی کا ریکارڈ ہمارے پاس نہیں ہے، اس سے ہم کس طرح پابندی اٹھا سکتے ہیں جب تک کہ ہم اس کو اچھی طرح دیکھ نہ لیں؟ کہ جو بات ہو رہی ہے، میڈیا میں اور اس معزز ایوان کے اندر، اس کی ہم اس سے تصدیق کرنا چاہتے ہیں، اس ریکارڈ کو دیکھ کر، تو جیسے ہی وہ ہمیں ریکارڈ Provide کر دیتے ہیں، ہم وہ Ban بھی ہٹا دینگے۔ دوسری بات انہوں نے کی Dual charge کے سلسلے میں، جناب والا، مردان اور پشاور میں بہت زیادہ Distance ہے اور ایک وی سی کیلئے اتنی دور دو یونیورسٹیوں کو Look after کرنا Almost ناممکن سی بات ہے، Just proxy تو ہو سکتی ہے کسی یونیوسٹی میں جا کر لیکن ایک پوری یونیورسٹی کی صحیح معنوں میں دیکھ بھال کرنا اور اسلامیہ یونیورسٹی جیسے ایک The known ادارے کے ساتھ ایک تماشا تھا جس کو ہماری حکومت نے ختم کیا اور For the time being ہم نے پشاور یونیورسٹی کے وی سی کو Dual charge دیا۔ چونکہ یہ پہلے بھی اسلامیہ کالج جو تھا، پشاور یونیورسٹی کا Constituent college رہ چکا ہے، ادارہ رہ چکا ہے ان کے ساتھ یہ، اور یہ

قریب میں ہے اور ہماری یہ کوشش ہے کہ ہم جلد از جلد اس کا کوئی فیصلہ کر کے ان شاء اللہ Later on ایک Full time VC جو ہے، Proper advertisement دیکر ان شاء اللہ ہم لگائینگے اور تیسری بات کی ہمارے ستار خان صاحب نے کوہستان کے بارے میں، اگر یہ سمجھتے ہیں کہ وہاں پر یونیورسٹی کا کیمپس چل سکتا ہے جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ شاید جب وہاں پر داسو میں بھی ابھی کالج سٹارٹ نہیں ہو سکا اور پٹن میں ایک کالج ہے جس میں اب بھی سٹاف کی کمی ہے اور ہم اسے پوری کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو جب تک Feeder institute نہ ہو ایک علاقے میں اور اتنے Farflung area میں کیمپس شاید چلانا اتنا Feasible نہیں ہوگا لیکن ہزارہ یونیورسٹی سے انکی یہ بات ضرور کرینگے کہ اگر Possible ہے تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب احمد خان بہادر: سر، ما ته منسټر صاحب، Concerned Minister جواب را کړو. دوئ وائی چې مونږه د يو کال ريکارډ غوښتے وو د ټولو يونيورسټو نه خو دوئ دا ونه وئيل چې دوئ د څه شي ريکارډ غوښتے وو د يونيورسټو نه؟ آيا هغوی چې کومې پيسې يا کوم خرچونه کړی وو، د هغې ريکارډ ئے غوښتے وو او که نه فريش، يا هلته کښې چې کوم اپوائنټمنټس شوی وو، د هغې ريکارډ ئے غوښتے وو؟ جناب والا، يو خو دغه د دوئ کليئر کړی. بل دا چې آيا داسې خو نه وه کنه چې د نورو نورو يونيورسټونه د يو کال ريکارډ غوښتے شوے وو او د مردان يونيورسټۍ نه، د خان عبدالولی خان يونيورسټۍ نه د څلورو کالو ريکارډ غوښتے شوے وو؟ دا جواب د دوئ لږ را کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی، پلیز۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! میرے خیال میں میں نے واضح کیا ہے اپنی بات میں کہ ہم نے صرف، جو اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں اور جنکے بارے میں اس معزز ایوان میں بھی اور نیوز پیپرز میں بھی بہت زیادہ آیا اور 'ڈان' اور بعض بڑے اخبارات میں بڑے بڑے آرٹیکلز آئے ہیں، تو ہم نے اس کے اوپر نوٹس لیتے ہوئے تمام یونیورسٹیز سے ہم نے صرف، جو اپوائنٹمنٹس کی گئی ہیں انکی ڈیٹیلز مانگی ہیں اور ساتھ یہ کیا، انہوں نے Proper advertisement دیا ہے نیوز پیپرز میں اور Proper committees کے Through لوگوں کی سلیکشن ہوئی ہے، ہم نے وہ ریکارڈ مانگا ہے، صرف اپوائنٹمنٹس کے بارے

میں، باقی انکے اخراجات یا اس کی طرف ابھی ہم نہیں گئے اور ہم نے صرف اپوائنٹمنٹس کی بات ہوئی تھی، وہی ریکارڈ طلب کیا، وہی ہمارے پاس آیا، اسی بنیاد پر ہم نے Ban lift up کر دیا اور جس یونیورسٹی نے نہیں دیا تو اس پر ابھی تک Still ban لگا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریہ، سپیکر صاحب۔ یونیورسٹیوں کے حوالے تو مشتاق غنی صاحب نے کافی ڈیٹیل میں یہ جوابات دیدیئے اور بڑی معذرت کے ساتھ مشتاق غنی صاحب کی ایک بات سے بالکل اتفاق نہیں ہے کہ پچھلی حکومت نے بے شمار یونیورسٹیاں بنائی ہیں اور میرے خیال میں اس چیز کو ہمیں بہت زیادہ Appreciate کرنا چاہیئے کہ ہماری حکومت نے یونیورسٹیاں بنائی ہیں اور جہاں تک پھر اسی بات کا تعلق ہے کہ یوسف خان نے کہا، ہمارے جعفر شاہ صاحب نے کہا کہ ریکروٹمنٹ میں اگر کہیں پر Irregularities ہوئی ہوں تو بے شک مشتاق غنی صاحب اور حکومت کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ کمیٹی کے ذریعے یا خود جہاں پر بھی کوئی Irregularities کلاس فور میں یا کسی دوسرے شعبہ میں Irregularities ہوئی ہوں تو بے شک اس کے خلاف انکوائری بھی ہونی چاہیئے اور اس کو صحیح بھی کرنا چاہیئے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومتیں تو آتی جاتی ہیں، اگر ہماری حکومت نے صوبے میں یونیورسٹیوں کا ایک جال بچھایا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اپنے صوبے کے طلباء اور طالبات کیلئے ایک Accessibility پیدا کی ہے، کم از کم اسی چیز کو Appreciate کرنا چاہیے اور بالکل ہم حکومت کے ساتھ ہیں، اگر کسی یونیورسٹی میں Irregularities ہوئی ہوں، اپوائنٹمنٹس میں تو بے شک ہم یہاں پر بیٹھے ہیں اور ان شاء اللہ ان کو سپورٹ کرینگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب! کیا کریں جی، آپ مطمئن ہیں کہ آگے کمیٹی کو بھیج دیں؟

جناب جعفر شاہ: ٹھیک ہے جی، کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ سٹینڈنگ کمیٹیز ابھی، یہ مرحلہ مجھے لمبا نظر آتا ہے، شاید دو تین مہینے اور لگ جائیں تو I will sit with Mushtaq Ghani Sahib اور وہ وی سی صاحب کو بلائیں اور ہائر ایجوکیشن کی جو اتھارٹیز ہیں، ان کو بلائیں اور بیٹھ کر ہم تفصیلی بات کریں گے۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: واپس آتے ہیں جی، کوئسچن نمبر 14 کی طرف۔ جناب زرین گل صاحب۔

* 14 _ جناب زرین گل: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ تعلیم کے پی ایس ٹی، سی ٹی، ڈی ایم، پی ای ٹی، قاری، ٹی ٹی، اے ٹی کی مردانہ اور زنانہ آسامیاں ڈسٹرکٹ کیڈر کی ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم ضلع تورغر کے مختلف سکیل میں تعیناتیوں کیلئے ڈسٹرکٹ کیڈر اور تپہ وائز کیلئے الگ تعیناتیوں کیلئے سابقہ منتخب صوبائی حکومت یا نگران حکومت نے کوئی خصوصی پالیسی کی منظوری دی تھی؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو پالیسی کی نقول فراہم کی جائے، نیز پی ایس ٹی مردانہ کی تعیناتیوں کیلئے محکمہ تعلیم ضلع تورغر نے ڈسٹرکٹ کیڈر کی بجائے طے شدہ بھرتی کا طریقہ کار کیوں تبدیل کیا، وجہ بتائی جائے؟

<u>جناب محمد عاطف (وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) سی ٹی، ڈی ایم، پی ای ٹی، ٹی ٹی، اے ٹی، قاری ڈسٹرکٹ کیڈر کی ہیں اور محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا کی مروجہ پالیسی کے مطابق میرٹ پر تعیناتی ہوئی ہے جبکہ پی ایس ٹی کی تعیناتی یونین کونسل وائز میرٹ پالیسی کے مطابق ہوتی ہے۔

(ج) پی ایس ٹی کی تعیناتی مروجہ پالیسی کے تحت میرٹ پر ہوئی ہے۔ تفصیل کیلئے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم، خیبر پختونخوا کا اعلامیہ نمبر SO.(A&B)/1-18/E&SE/2012 مورخہ 11-07-2012 ملاحظہ ہو۔

<u>جناب زرین گل:</u> ډیره شکریه، محترم سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دغه کوئسچن کښې ما دا تپوس کړے وو چې دا د پی ایس ټی تعیناتی چې شوې ده، دا غلطه شوې ده۔ دوئ ماله دا جواب را کړے وو د (ب) په جواب کښې چې دا د پی ایس ٹی کی تعیناتی یونین کونسل وائز میرٹ پالیسی کے مطابق ہوتی ہے، دا مونږه د هغې مطابق کړې دی۔ اوس زه حیران دا یم چې دلته 11-09-2013 باندې ما اسمبلی کوئسچن کړے وو په بلدیات، هغې کښې ما تپوس کړے وو چې یره د یونین کونسلو حد بندی چې ده، حد براری په تورغر کښې ما ته وښائی، نو هغوی وئیل چې نه مخکښې وه نه شته، هډو Exist کوی نه۔ زه اوس دا حیران یم چې د دې حکومت دوه ډیپارټمنټس دی، یو بلدیات دے او بل ایجوکیشن دے، بلدیات ما ته وائی چې د دې هډو وجود نه وو او ایجوکیشن ډیپارټمنټ ما ته دغه کوی چې

زمونږ د پی ایس ټی اپوائنټمنټس چې دی، هغه مونږ د یونین کونسل په سطح کړی دی۔ دا جی ډیر غلط شوی دی۔ دوئ د میرټ پالیسی په خپله مرضئ جوړه کړې ده، دیکښې Liking / disliking شوے دے۔ مهربانی وکړئ چې دا دې هاؤس ته دوئ غلط جواب راکړے دے، د دې هاؤس استحقاق ئے مجروح کړے دے، ته په چیئر ناست ئې ته کسټوډین ئې د دې هاؤس، پکار ده چې This should be referred to the Privilege Committee-----

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ایجوکیشن منسٹر، عاطف خان، پلیز۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر!

Mr. Deputy Speaker: Ji, Shah Husain, please. Excuse me.

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زما ضمنی سوال جی ډیر ساده دے چې د بلدیاتو منسټر صاحب هم ناست دے او د ایجوکیشن منسټر هم ناست دے، لفظ 'دروغ' به زه و نه وایم ځکه چې دا Un-parliamentary دے خو زه به دا اووایم جی چې دیکښې چا غلط بیانی کړې ده، بلدیاتو غلط بیانی کړې ده، هغه وخت سره د سوال جواب ورکولو کښې او که نن د تعلیم محکمې غلط بیانی کړې ده د جواب ورکولو کښې جی------

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ستار خان، پلیز۔

جناب عبدالستار خان: سر، میرا اس میں سوال جو میرے ذہن میں آتا ہے، وہ اس اپوائنٹمنٹ پالیسی پر ہے، خصوصاً ایجوکیشن میں، ہم نے ایک مثال بنائی ہوئی ہے کہ جو بندہ ایف اے کرتا ہے، اکیڈمک کوالیفیکیشن اس کے پاس ایف اے ہو، اس کے بعد سی ٹی ٹریننگ حاصل کرنے کے بعد یا پی ایس ٹی کی ٹریننگ حاصل کرنے کے بعد اس کیلئے کوالیفائیڈ بنتا ہے، ٹیچر کیلئے، کیا ہم اس قدغن کو ہٹا نہیں سکتے ہیں کہ ایک بندہ جس کے پاس اکیڈمک کوالیفکیشن ایم اے ہے، وہ ٹیچر کیوں بھرتی نہیں ہو سکتا؟ یہ بڑا سوال ہے۔ میں ایک تجویز کے ساتھ یہ سوال پوچھوں گا کہ ہمارے صوبے میں یہ شروع سے ایک روایت ایجوکیشن میں آئی ہے، خصوصاً یہ اس پورے ہاؤس کیلئے، ہم سب کیلئے اس پہ سوچنا ہے کہ سر، آپ یقین کریں کہ ایک ایف اے پاس بندہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے سی ٹی کی جو ٹریننگ حاصل کرتا ہے، وہ استاد بھرتی ہو سکتا ہے جبکہ ایک ایم اے پاس پی ایچ ڈی بندہ وہ استاد بھرتی نہیں ہو سکتا ہے، اس کیلئے ہم نے راستہ بلاک

کیا ہوا ہے۔ تو لہذا میری گزارش ہو گی کہ اس پالیسی کو تبدیل بھی کریں، فیلڈ کو اوپن چھوڑا جائے، جو بھی تعلیم یافتہ بندہ ہے، جو بھی بڑا نالج رکھتا ہے، جس کے پاس بھی Experience ہے، اس کیلئے استاد بھرتی ہونے کا موقع فراہم کیا جائے اور میں یہ بھی پوچھوں گا کہ اس پالیسی کو کب Reconsider کرتے ہیں؟ سوال ہے سر، مطلب یہ کہ ہمارے تعلیمی اداروں میں آج بھی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کوشش کریں کہ مختصر بات کریں، دیکھیں ایک گھنٹے میں اتنے کوئسچز ہیں پھر آپ معزز اراکین اس میں ناراض بھی ہوتے ہیں۔

جناب عبدالستار خان: بامقصد بات اگر لمبی ہو جائے تو اس میں کوئی قباحت تو نہیں ہے نا، بامقصد بات اگر لمبی ہو تو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن ذرا مختصر کریں۔

جناب عبدالستار خان: اس پالیسی کو Reconsider کرنے کا کوئی پروگرام ہے، حکومت کا ہے کہ نہیں ہے؟ یہ سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مولانا مفتی غفور صاحب، پلیز۔

مولانا مفتی فضل غفور: اؤ جی، زما خو مختصر یو سپلیمنٹری کوئسچن دے، ایجوکیشن منسٹر صاحب تشریف فرما دے۔ دې تیر وخت کښې د پی ایس ټی د پاره چې کوم د دې بھرتو اشتہارات ورکړلی شوی وو او هغه بیا د پالیسئ د وجې نه چې د آرټس ګروپ او د سائنس ګروپ هغه مسئله پکښې راغله نو هغه بیا Postpone شو، لږ وروستو شو خو ورسره ورسره پکښې دا خدشات هم اوس مخې ته راغلل چې دا پی ایس ټی باندې کومې بھرتئ به کیږی چې د دوئ میرټ به ډسټرکټ وائز وی او که زړه په زړه باندې یونین کونسل وائز به وی؟ په یونین کونسل وائز کښې به ډیرو کسانو ته هغه موقع، Opportunity ملاؤ شی د جاب، نو منسټر صاحب د د دې لږ وضاحت بیا وکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر ایجوکیشن، پلیز۔

محمد عاطف خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اس کا تو مجھے نہیں پتہ کہ مطلب کس نے کوئی غلط بیانی کی ہے؟ یا اس کی طرف سے آئی ہے، لوکل گورنمنٹ کی طرف سے یا میری طرف سے لیکن بہرحال میرے پاس جو ڈیٹیلز ہیں، وہ آپ کو Written بھی دے سکتا ہوں، جن کا سوال

ہے، اور زبانی بھی ابھی یہاں پہ بتاؤں گا اور آپ کی تسلی اگر نہیں ہوتی تو آپ مجھے بتائیں، میں خود آپ کے پاس آؤں گا او جو بھی ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے سوال ہونگے یا آپ کے کوئی بھی شکوک و شبہات ہونگے، ان کو ان شاء اللہ تعالیٰ میں دور کروں گا۔ یہ انہوں نے پوچھا تھا پی ایس ٹی کا، سی ٹی کا، ڈی ایم کا، پی ای ٹی کا، ان کی تقرری کے بارے میں، تو یہ بالکل ان کی تقرری ہے، یہ پوچھا گیا تھا کہ تور غر کے مختلف سکیل میں تعیناتی ڈسٹرکٹ اور یونین کونسل کے حساب سے ہے، اس میں کچھ پوسٹس ڈسٹرکٹ کیڈر کی ہیں اور کچھ ہیں جو یونین کونسل کی ہیں، جو مروجہ اس وقت پالیسی ہے، اس کے مطابق ہیں۔ اس میں سی ٹی، ڈی ایم، پی ای ٹی، ٹی ٹی، اے ٹی اور یہ جو ساری پوسٹس ہیں، یہ مروجہ پالیسی کے مطابق ڈسٹرکٹ کی ہیں اور یہ پی ایس ٹی کی تعیناتی جو ہے، یہ یونین کونسل کے اس پہ کی جاتی ہے۔ فی الحال یہ پالیسی ہے۔

جناب شاہ حسین خان: تورغر خو یونین کونسل نه دے سر۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نہیں، میں آپ کو تور غر کی بات نہیں کر رہا، میں اس پالیسی کی بات کر رہا ہوں کہ فی الحال ہماری پالیسی یہ ہے۔

جناب شاہ حسین خان: هغه په هغه حساب سره دی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: باقی (چیزوں) میں، جو انتظامی امور کے حساب سے ہے، وہ باقی چیزوں میں بھی ہوگا نا، اگر یونین کونسلز وہاں پہ نہیں ہیں تو باقی چیزوں میں جس طرح ڈسٹری بیوشن ہوتی ہے، اس طرح ہم ایجوکیشن میں بھی کر لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم زرین گل صاحب، پلیز۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! جی زه د وزیر صاحب تشریف آوری شکریه ادا کوم، خلورمه میاشت کښې خو دا ما دغه ولیدو (تالیاں) دومره یو Huge department چې د هغې د سیکشن افسرانو نه واخلې هغه د بره د ایډمنسټریټو سیکرټری پورې، دا سپیشل سیکرټری، ایډیشنل سیکرټری او فلانکے سیکرټری او فلانکے سیکرټری او دا ئے ډائریکټریټ، دوئ دومره لاعلمه دی، دوئ د سره خبر نه دی، تور غر کښې دوئ وائی، ټهیک ده پالیسی ئے ټولې صوبې د پاره دا ده چې دا سی ټی، ډی ایم، پی ای ټی، ټی ټی، اے ټی دا ډسټرکټ کیډر شو او دا پی ایس ټی چې دے، یونین کونسل او د تور غر زما

سوال دے چې بلدیات وائی چې هلته Exist کوی نه یونین کونسل، نو دوئ دا بهرتئ د یونین کونسل په سطح څنګه کړی دی؟ زه دا تپوس کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر ایجوکیشن پلیز۔

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: عاطف خان۔

(تالیاں)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: یہ بات ان کی بالکل ٹھیک ہے کہ وہاں پہ اگر یونین کونسل نہیں ہے تو اس کا مجھے ڈیٹیل میں پتہ کرنا پڑے گا کیونکہ میں نے تو Overall policy یہی آپ کو بتائی ہے جو پورے صوبے میں ہے لیکن اگر Specifically ان کا تورغر کے متعلق ہے تو یہ میں مانتا ہوں کہ اگر وہاں پہ یونین کونسل نہیں ہے-----

جناب زرین گل: فلور آف دی هاؤس دا ته آرډر وکړه چې-----

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: څنګه جی؟

جناب زرین گل: فلور آف دی هاؤس دا ته آرډر وکړه چې دا دوئ پی ایس ټی کوم دغه کړی دی، دا بیا دغه کړئ۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بالکل جی، زه بالکل دې وخت کښې تاسو سره دا کمټمنټ کوم چې دا که غیر قانونی شوی وی چې کوم ځائې کښې دا یونین کونسلې نشته او یونین کونسل باندې شوی وی------

جناب زرین گل: اؤ دوئ کړی دی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بیا به ئے کینسل کړو، دوباره چې څه طریقه ده، هغې مطابق به ئے وکړو۔

جناب زرین گل: ځه ټهیک شو۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، جی۔ کوئسچن نمبر 32، جناب زرین گل ایم پی اے صاحب، سوال نمبر 32۔

* 32 _ جناب زرین گل: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ تعلیم ضلع تورغر کیلئے سال 12-2011 اور 13-2012 کیلئے ترقیاتی اور انتظامی فنڈ مختص کیا گیا تھا;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 12-2011 اور 13-2012 کیلئے کتنا ترقیاتی فنڈ مختص کیا گیا، مختص شدہ فنڈ کن ترقیاتی پراجیکٹس پر خرچ کیا گیا، پراجیکٹ کا نام، لاگت کی تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے، مذکورہ عرصہ میں انتظامی اخراجات کیلئے مختص شدہ فنڈ کن کن مدوں میں خرچ کیا گیا، الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) ترقیاتی فنڈ کی لاگت کی تفصیل:

2011-12

صوبائی ترقیاتی پروگرام، اے ڈی پی (13 سکیمیں) لاگت: 5.050 ملین

2012-13

(i) صوبائی ترقیاتی پروگرام، اے ڈی پی (13 سکیمیں) لاگت: 30.073 ملین

(ii) خصوصی ترقیاتی پیکج تورغر (6 سکیمیں) لاگت: 45.064 ملین

انتظامی اخراجات

2011-12 33, 60,999/- روپے

2012-13 93,12,657/- روپے (تفصیل فراہم کی گئی)

<u>جناب زرین گل:</u> شکریه جی۔ جناب سپیکر صاحب، سوال نمبر 32 (الف)، (ب)۔ محترم سپیکر صاحب، ما د دوئ نه تپوس کړے وو په دیکښې، دیکښې جی زه تاسو صرف دا وایم چې دوئ کوم سکیمونه ورکړی دی 12-2011، اوسه پورې هغه نامکمل پراته دی۔ جناب سپیکر صاحب، زه دې ته حیران یم چې دې صوبه کښې اوس کوم ګرم دے؟ آیا پی اینډ ډی ډیپارټمنټ، سی اینډ ډبلیو که ایجوکیشن، دا دریواړه د دې حکومت حصه ده، اوس کالونه تیر شو، سکیمونه او فنډنګ کیږی او دغه کیږی او اوسه پورې هغه سکولونه په فنکشن کښې نه دی، کله د هغه Handing over / taking over مسئله وی، کله د هغې د ایس این ای مسئله وی نو دا دریواړه ډیپارټمنټس د کښینی، هغه مسئله د حل کړی

چې دا څیزونه ولې نه دغه کیږی؟ دا پیسه ضائع کیږی، زه دا دغه کوم، مهربانی د وکړی، دا د Expedite کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب منور خان صاحب، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ سر، اس قسم کا Same question ہے، میں بھی منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں سر کہ لکی مروت میں بھی ہائر سیکنڈری سکول 13-2012 کی اے ڈی پی میں، اب تقریباً وہ بلڈنگ کمپلیٹ ہے لیکن یہی مسئلہ ہے کہ ابھی تک Handing and taking over نہیں ہو رہی اور میرے خیال میں کافی عرصہ ہو گیا کہ وہ بلڈنگ کمپلیٹ پڑی ہے اور یہ منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہے کہ کم از کم اس سلسلے میں کوئی کارروائی کریں اور اس کو جلد از جلد پوسٹیں سینکشن کریں تاکہ وہ کام شروع کرے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سلیم خان پلیز، سلیم خان پلیز۔

جناب محمد سلیم خان: تھینک یو، سر۔ یہ Same مسئلہ جو ہے، یہ میرے ڈسٹرکٹ چترال میں بھی ہے اور اکثر صوبے کے اندر یہ مسئلہ ہے کہ بلڈنگ بن جاتی ہے مگر اس کی ایس این ای کی Approval میں کئی سال لگ جاتے ہیں، سکول کی بلڈنگ بننے کے پانچ سال بعد بھی وہاں پہ سٹاف نہیں دیا جاتا ہے، تو اسی وجہ سے بہت ایک Huge money بلڈنگ میں لگائی جاتی ہے، پھر وہ اسی ایس این ای کی وجہ سے وہ سارا جو پراسیس ہے، وہ Incomplete رہتا ہے اور لوگوں کو اس سے پھر فائدہ نہیں پہنچتا۔ تو میری گزارش منسٹر صاحب سے یہی ہے کہ یہ پراسیس جو ہے، یہ ایس این ای، Handing / taking، جو بھی پراسیس ہے، اس میں کوئی ایسا طریقہ کار اپنایا جائے کہ جونہی بلڈگ کمپلیٹ ہو گی، اس کے فوراً بعد ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایک ٹیم جا کے اس کی مکمل Verification کے بعد اس کو اپنی تحویل میں لے، اس کے بعد ایس این ای جو ہے، پراسیس، وہ مطلب ہے کہ Limited time میں تھوڑے وقت میں ہو جائے تاکہ لوگوں کو، جو کام ہم کر رہے ہیں لوگوں کو اس سے فائدہ پہنچے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ نوابزادہ ولی محمد خان، پلیز۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر! څنګه چې زمونږه دې زرین ګل خان صاحب اووئیل، زمونږ په علاقه کښې په 2004 کښې سکولونه جوړ شوی دی، پرائمری او بیا هغې تقریباً اوس هم زما په خیال لس کاله وشول چې هغه سکولونه نه کمپلیټ شوی دی او نه ګورنمنټ ته Handover شوی دی۔ چونکه ولې چې دغه

سکولونه تر اوسه پورې د دې دغه علم نشته چې یره په دې باندې فنډونه ولې نشته یا په دې باندې څنو باندې چهتونه نشته، لاندې فنشنگ کار نه دے شوے او نورې پکښې هم دغسې چې کومې مسئلې دی نو ډیر کارونه پکښې پاتې دی او په لسو کالو کښې دا سکولونه ما وئیل مطلب دا دے مکمل نه شول نو آیا زمونږ دا تعلیم به څنگه ترقی کوی؟ نو زما هم په دې باندې دا ریکویسټ دے منسټر صاحب ته چې دا دے خپل دې باندې دغه وکړی، وضاحت۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر ایجوکیشن، پلیز۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: دا دوئ چې د لسو کالو کومه خبره وکړه نو هغه خو به بابک صاحب د هغې جواب ورکړی ځکه چې زه (ہنسی) خوددری ځلورو میاشتو جواب ورکولے شم، هغه که زما په خیال بابک صاحب ورکړی نو زیاته به ښه وی۔ بهرحال دا چې تاسو کومه مسئله دغه کړه، دا بالکل حقیقت دے۔ په مردان کښې هغه بله ورځ زمونږ میټنگ وو، د 2007 نه 2008 نه یو سکول جوړ شوے وی، هغې ته د واپډا کنکشن نه وی، د هغې د وجې پاتے وی، چې ورته اووائې چې یره دا ولې نه دے شوے، یره جی مونږه ورته خط لیکلے وو، هغوی مونږ له واپس جواب نه دے راکړے۔ بلې محکمې ته، سی اینډ ډبلیو ته، یره جی دا خو مونږه ورته خط لیکلے وو، جواب ئے نه دے راکړے۔ نو زه پخپله په دې دغه کښې یم چې مونږ له، دیکښې حالانکه ستاسو دغه نشته زمونږ حکومتی کار دے خو دا پکار ده چې مونږه دا دوه درې محکمې، ستاسو خبره صحیح ده چې دا مونږه رایوځائې شو، نو ما ورته دا خبره وکړه، ما ورته وئیل تاسو یو خط ولیږو او هغه تا له جواب تر قیامته نه رالیږی نو تر قیامته به دا سکول دغه شان پروت وی چې پیسې پرې لگیدلې دی یا لس یا شل یا کروړ یا هر څومره او هغه دغه شان پراته دی؟ نو دې د پاره به ان شاءاللّٰه تعالیٰ مونږه څه نه څه میکینزم جوړوؤ چې دا دوه درې ادارې چې کومېConcerned دی، خصوصاً د دغه سره د واپډا والا زیاته دغه راځی د بجلۍ چونکه کنکشن خبره وی یا ورسره سی اینډ ډبلیو راځی، د دغې به څه میکینزم جوړ کړو چې دا سکول جوړ شی او پیسې پرې ولگی چې هغه زر تر زره Operational شی۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شوه جی۔ کوئسچن نمبر 33، جناب زرین گل صاحب۔

* 33 _ <u>جناب زرین گل:</u> کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع تورغر میں ہائر سیکنڈری سکول کام کر رہے ہیں:

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع تورغر میں موجود ہائر سیکنڈری سکول میرہ مداخیل، گڑھی حسن زئی میں گزشتہ حکومت کے دوران بھرتی شدہ افراد اور امیدواروں کی مکمل میرٹ لسٹ فراہم کی جائے:

(ii) کیا ان خالی آسامیوں پر بھرتیاں مکمل ہو چکی ہیں، نیز ان بھرتی شدہ امیدواروں کی مکمل میرٹ لسٹ کی کاپی فراہم کی جائے، اگر بھرتی نہیں ہوئی ہے تو وجوہات بتائی جائیں؟

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) جواب نفی میں ہے۔

(ii) جیسا کہ (الف) کے جواب سے ظاہر ہے کہ ضلع تورغر میں کوئی ہائر سیکنڈری سکول موجود نہیں، لہذا بھرتی نہ ہونے کی وجوہات بھی ندارد۔

<u>جناب زرین گل:</u> ډېره شکريه، محترم سپيکر صاحب. دا جي سوال نمبر 33۔ محترم سپيکر صاحب! د دې په جز (ii) کښې ما وئيلي دي، تپوس مې کړے دے "کیا ان خالی آسامیوں پر بھرتیاں مکمل ہو چکی ہیں، نیز ان بھرتی شدہ امیدواروں کی مکمل میرٹ لسٹ کی کاپی فراہم کی جائے، اگر بھرتی نہیں ہوئی ہے تو وجوہات بتائی جائیں؟" دوئ په جواب کښې وئيلي دي چې جیسا کہ ایک جز کے جواب سے ظاہر ہے کہ ضلع تورغر میں کوئی ہائر سیکنڈری سکول موجود نہیں، لہذا بھرتی نہ ہونے کی وجوہات بھی ندارد۔۔۔۔

<u>آواز:</u> ندارد۔

<u>جناب زرین گل:</u> ندارد۔ (ہنسی) اوس جناب سپيکر صاحب، عجيبه خبره دا ده چې دوئ وائي هائر سيکنډری سکول هډو وجود نه لري، زه پخپله څلور پينځه پيرې ايم پي اے پاتے شوے يم، دا هائر سيکنډری سکول چې دے هغه زما په خپل کلي کښې ميره مدا خيل زما کلے دے او 97-1996 کښې ما دغه کړے وو، اوس تاسو وګورې چې د هغې شپاړس کاله، دا 2013 دے او درې کاله، دا شپاړسم کال دے او محکمه تعليم وائي چې د سره هډو هغه وجود نه لري۔

(قہقے)

جناب ڈپٹی سپیکر: زرین گل صاحب کے بڑے ٹیکنیکل کوئسچنز ہوتے ہیں، بہت تیاری سے آتے ہیں تو وزیر تعلیم صاحب سے گزارش ہے کہ ان کا سامنا کریں۔ (قہقہہ)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بنه جی، څنګه چې زرین ګل صاحب اووئیل چې هلته سکول شته او زمونږ د ریکارډ مطابق، لکه ماته چې ریکارډ مهیا شوے دے، د هغې ریکارډ مطابق دلته سکول نشته نو که چرې دا خبره ټهیک ده چې حقیقت کښې سکول وی او دلته دا خبره راغلې وی چې سکول نشته نو زه درته د اوس نه دا وایم چې دا چا دغه کړے دے نو د هغه خلاف به، اول به ئے سسپنډ کوم د هغې نه پس به د هغه نه انکوائری کیږی ان شاءالله، (تالیاں) چې غلط بیانی چاکړې ده، که هر چا کړې ده، که زما د ډیپارټمنټ نه نو زه به وړومبے پکار ده چې زه تپوس کوم چې یره ولې غلط بیانی کوئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ماشاءاللہ آج عاطف خان صاحب اب Swing میں آچکے ہیں، ان شاءاللہ زرین گل صاحب کے سارے کام ہو رہے ہیں جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب، یہ سوال ہاؤس میں آنے کے بعد یہ تو ہاؤس کی پراپرٹی بنتا ہے تو یہ ہاؤس کو جو غلط جوابات دیکر ہاؤس کا وقت ضائع ہوا، ان کا استحقاق مجروح ہوا، اس کا کیا ہو گا؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر ایجوکیشن، پلیز۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: یہ تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ اس کا کیا ہو گا؟ مطلب میں تو اپنے ڈیپارٹمنٹ کا۔۔۔۔ (قہقہہ اور تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: اس میں آئندہ کیلئے ہم آپ کو ان شاءاللہ تسلی دیتے ہیں کہ ایسا نہیں ہو گا۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اس کی جو سزا ہوتی ہے، وہ آپ بتادیں کہ کیا اس کی کیا سزا ہو گی؟ میں تو اپنے ڈیپارٹمنٹ کو سزا دے سکتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 34، جناب زرین گل، ایم پی اے صاحب۔

* 34 _ جناب زرین گل: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 12-2011 اور 13-2012 میں محکمہ تعلیم ضلع تورغر کے پرائمری، مڈل، ہائی بوائز اور گرلز سکولوں کے فرنیچر، چاک، ٹاٹس اور کمپوٹر کیلئے رقوم فراہم کی گئی تھیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ سال 12-2011 اور 13-2012 میں ضلع تورغر کے تمام بوائز سکولوں کیلئے ضروری اشیاء کی خریداری کرلی گئی ہے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ ان اشیاء کی خریداری کیلئے محکمہ تعلیم کے مروجہ طریقہ کار کو بالائے طاق رکھ کر فرضی فرم کے ذریعے ناقص اشیاء کی خریداری کی گئی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ان منظور شدہ اشیاء اور خرچ شدہ فنڈز کی تفصیل کے ساتھ سکولوں کو دی گئی اشیاء، تعداد کے حساب سے فی سکول اشیاء کی فراہمی کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز فرم کا نام، ٹھیکیدار کا نام اور خرید شدہ اشیاء کے بلوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، سال 12-2011 میں سکولوں میں فرنیچر کیلئے پانچ لاکھ 80 ہزار اور جیوٹ ٹاٹ کیلئے دس لاکھ روپے فراہم کئے گئے تھے اور سال 2012-13 میں فرنیچر کیلئے ایک لاکھ 60 ہزار روپے اور ٹاٹ کیلئے ایک لاکھ 30 ہزار روپے فراہم کئے گئے۔

(ب) جی نہیں، سال 12-2011 میں سکولوں کیلئے کوئی خریداری نہیں ہوئی جبکہ 13-2012 بشمول سابقہ بجٹ 12-2011 خریداری کیلئے حکومت کے مروجہ طریقہ کار کے مطابق کارروائی جاری ہے۔

(ج) جی نہیں، خریداری کیلئے مروجہ طریقہ کار حکومت کی منظور شدہ فرموں کے ذریعے کی جارہی ہے۔

(د) فرنیچر حکومتی ادارے ایس آئی ڈی بی سے خریدا جارہا ہے جبکہ ٹاٹ کیلئے خریداری کا ٹینڈر محکمہ اطاعات کے ذریعے اخبار میں مشتہر کردیا گیا ہے اور خریداری کا عمل مکمل ہوتے ہی تفصیل فراہم کی جائے گی۔

<u>جناب زرین گل:</u> (ہنسی) ډیره منننه، جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دیکښې ما تپوس کړے وو چې سال 12-2011 او 13-2012، تاسو د دې سکولونو د پاره پرائمری مډل، هائی بوائز / گرلز سکولونو د پاره فرنیچر، ټاټ، چاک، ټاټ، کمپوټر تاسو څه شے اخستے وو؟ دوئ په جواب کښې وائی چې پانچ لاکه 80 هزار روپئ مونږه فرنیچر د پاره، دس لاکه مونږ د ټاټونو د پاره، بیا ما ورته دا وروستو دغه کړی دی چې تاسو ماته وښايئ چې تاسو کوم کوم سکول ته Supply کړی دی؟ دوئ جی د سکولونو د سره دغه ونکړو او خپل هغه شے

ټهیک کولو د پاره، د دوئ دا خیال وو چې ګنې زه به دا اووایم چې دیکښې څه ګهپله شوې ده، نو دوئ اووئیل: *فرنیچر حکومتی ادارے ایس آئی ڈی بی سے خریدا جارہا ہے جبکہ ٹاٹ کیلئے خریداری کا ٹینڈر محکمہ اطلاعات کے ذریعے اخبار میں مشتہر کر دیا گیا ہے اور خریداری کا عمل مکمل ہوتے ہی تفصیل فراہم کی جائے گی۔* زه حیران دا یم چې 12-2011 کښې پیسې دغه شوې دی او دوئ اوس ما له جواب راکوی چې هغه اوس Under process، نو آیا دا دومره کالونه چې دی نو په دې سکولونو کښې دا خلق بې ټاټه، بې چاکه او بې دغه نه دا تعلیم کیږی او بې بلیک بورډ نه؟ زه دا تپوس کوم۔

Mr. Deputy Speaker: Ji, Minister Education, please for reply.

<u>*وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم*</u>: دا خو جی چې کوم تفصیل دے، هغه تاسو ته ملاؤ شوے دے، دا اماؤنټ چې کوم د ټاټ دپاره دس لاکھ روپئ، پانچ لاکھ 80 هزار بل، بل او دا تاسو به خامخا سرکاری سکولونه لیدلی وی، د افسوس مقام دے، ډیر زیات د هغې بد حال دے او حقیقت خبره دا ده چې که تاسو وایئ چې داسې سرکاری سکولونه نشته چې په هغې کښې ټاټ هم نه وی، داسې سرکاری سکولونه شته دے چې په هغې کښې، سرکاری سکولونه دی چې په هغې کښې ټاټ نشته دے او ماشومانو ته وائی چې ځان سره بوجئ راوړئ او هغوی ځان ته لاندې بوجې ایږدی او په هغې باندې کښینی، نو دا که دوئ ته دغه نه وی شوے نو لکه هم دغه خبره ده، تاسو ته ما دا اووئیل چې بغیر د ټاټ نه به هغوی ګزاره کړې وی، ډیر سرکاری سکولونه دی، په هغې کښې بغیر د باؤنډری وال نه، د جینکو سکولونه دی، بغیر د ټائیلټ نه ګزاره کیږی، نو په دې کال کښې چې دوئ ته نه دی ملاؤ شوی، د 12-2011 خبره ده نو په دیکښې به دوئ------

<u>*جناب زرین گل*</u>: زما ګزارش دا دے------

<u>*وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم*</u>: جی۔

<u>*جناب زرین گل*</u>: دا چې کوم دے، رقم دا دے کنه جی، ماچې تپوس کړے دے نو وائی چې *جی ہاں، سال 12-2011 میں سکولوں میں فرنیچر کیلئے پانچ لاکھ 80 ہزار اور جیوٹ ٹاٹ کیلئے دس لاکھ روپے فراہم کئے گئے تھے۔* اوس بنکته چې کوم دے، د جز (د) په جواب

کبنړې، د جز(i) ووائی چې فرنیچر حکومتی ادارے ایس آئی ڈی بی سے خریدا جارہا ہے جبکہ ٹاٹ کیلئے خریداری کا ٹینڈر محکمہ اطلاعات کے ذریعے اخبار میں مشتہر کر دیا گیا ہے اور خریداری کا عمل مکمل ہوتے ہی تفصیل فراہم کی جائے گی، یعنی په 12-2011 کبنړې ایلوکیشن شوے دے او دوئ به اوس چې کوم دے ما له تفصیل راکوی چې هغه به خرید کوی او بیا به د سکولونو ماته تفصیل راکوی چې کوم کوم سکول ته ټاټ او چاک فرنیچر ورسیدو؟ زه دا تپوس کوم۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: تهیک شوه جی۔

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب احمد خان بہادر، پلیز۔

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ سر، Minister concerned دا وئیلی شی چې دا دوئ کوم وئیل چې مونږ دا پیسې ورکړې دی، دا ئے په څه مد کبنړې ورکړې دی، آیا دا پی ټی اے کبنړې ورکړې شوې دی که نه دا څه سپیشل پیکج ورکړے شوے دے؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی منسٹر ایجوکیشن، پلیز۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: دا خو جی فریش کوئسچن دے، دا خو زما په خیال په هغې کبنړې دغه شی دا دوئ چې کوم ډیټیل یادوی، دا خو د فریش کوئسچن په طور باندېDeal کیږی خو دا دوئ ته چې ما کوم ډیټیل اووئیل، د دوئ که فرض کړه نور دغه پکار وی، په دې باره ډیټیل پکار وی نو زه به تاسو له نور درکړم، چې څومره مکمل ډیټیل وی، زه به تاسو ته Provide کړم۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی منور خان، پلیز۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: لکه منسټر صاحب ته زما خیال دے لکه چې ډیر معلومات نشته په دې باندې کنه نو دا سر، زما ریکویسټ دے چې دا سلیکټ کمیټئ ته واستوئ، دا کوئسچن، دا ټول چې کوم کوئسچنز زرین ګل صاحب کړی دی نو هلته به دا ټول څیزونه Trace شی، کم از کم د هغه کس پته به هم ولګی چې یره

واقعی دا کوم غلط بیانی ئے کړې ده په دې فلور باندې اسمبلی ته نو زما دا ریکویسټ دے چې دا د دغه ته لاړ شی نو تاسو ته به هم کم از کم پته ولګی چې دا څوک تاسو سره دغه شان مذاق کوی سر۔ تهینک یو، سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی منسٹر ایجوکیشن۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: لاړ د شی جی، دوئ به هم شی، د دوئ چې پکښې هم څه دغه پکار وی، هغه به هم شی، مونږ به هم شو، زه به ورسره هم کښینم، د دوئ چې څومره ډیټیل پکار وی، هغه به ورته ملاؤ شی۔

(قطع کلامیاں)

<u>اراکین</u>: کمیٹی کے حوالے کردیں۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: اؤ، کمیٹی کو چلا جائے، زرین گل صاحب به هم شی او نور که پکښې څوک دغه کول غواړی نو هم د پکښې شی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیج دیتے ہیں، ہاؤس سے اجازت لے لیتے ہیں۔

Is it the desire of the House that Question No. 34, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the Standing Committee.

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: یہ سارے کوئسچنز چلے گئے جی؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: دا یو کوئسچن چې کوم کوئسچن نمبر 34 دے۔

<u>جناب زرین گل</u>: اؤ سر، دا ټول به هلته دغه کړو، ټول۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: وشو جی دا۔ 'نیکسٹ'، کوئسچن نمبر 35، جناب زرین گل صاحب، ایم پی اے۔

* 35 _ <u>جناب زرین گل</u>: 19 جنوری 2013 کو ضلع تورغر کے گرلز پرائمری سکولوں کا خالی آسامیوں پر غیر مقامی خواتین اساتذہ کی تعیناتی کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) انٹرویواور ٹیسٹ میں شریک تمام امیدواروں کے مکمل کوائف کی فہرست، نیز تعینات ہونے والی خواتین اساتذہ میں مقامی اور غیر مقامی کتنی ہیں، علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے:

(ii) آیا مذکورہ بھرتیوں میں مقامی ایف اے اور بی اے پاس امیدواروں کو نظر انداز کر کے غیر مقامی اساتذہ کی تعیناتی سے تورغر جیسے پسماندہ علاقے کی خواتین کیلئے تعلیم کے شعبہ میں روکاوٹ پیدا نہیں کی گئی، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، حکومت خیبر پختونخوا کی بھرتی پالیسی / اجازت نامہ کے مطابق بھرتی کی گئی ہے۔

(ب) (i) انٹرویو اور ٹیسٹ میں شامل تمام امیدواروں کی حتمی میرٹ لسٹ (ندارد) جس میں امیدواروں کے مکمل کوائف واضح ہیں جبکہ بھرتی شدہ کل 83 زنانہ PST(F) میں سے تین تپہ وائز/ یونین کونسل وائز تورغر، 78 اوپن میرٹ متصلہ اضلاع اور دو معذور کوٹہ (دو فیصد) کی تعیناتی خالصتاً میرٹ وقواعد وضوابط اور مروجہ حومتی پالیسی کے مطابق انتہائی شفاف انداز میں کی گئی ہے۔(نقل تقرری ندارد)۔

(ii) جی نہیں، ضلع تورغر کو اولین ترجیح دی گئی ہے اور بمطابق مروجہ حکومتی پالیسی اور قواعد وضوابط پر صرف تین امیدوار پورا اترتی تھیں جن کی تعیناتی میرٹ پر کر دی گئی ہے جبکہ کسی کی ساتھ کوئی خلاف قانون اور خلاف پالیسی سلوک نہیں کیا گیا ہے۔

جناب زرین گل: ډیره مننه، محترم سپیکر صاحب۔ محترم سپیکر صاحب! سوال نمبر 35 (الف)، (ب)۔ دا جی ما د دوئ نه تپوس کړے وو د دې بهرتو متعلق۔ زه تاسو ته جی یو، داسې چل وو چې زمونږ دا علاقه چې وه، تورغر، دا مخکښې Self rule وه، دا علاقه سرکار نه وه، دا دوه کاله وشو چې راغله۔ مونږ ته دا وینا وشوله چې تاسو کوم وخت کښې ضم شئ کنه، تاسو له به ضلع جوړه کړو نو Jobs به Create شی نو ستاسو بې روزګاری به ختمه شی، نو ستاسو غربت به ختم شی-----

(قطع کلامیاں)

جناب زرین گل: ستاسو غربت به ختم شی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: میں تمام اراکین اسمبلی سے گزارش کرتا ہوں کہ اس فورم کے ڈیکورم کا خیال رکھیں اور Attentive رہیں، پلیز۔ جی محترم زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: وئیل چې تاسو ته به Jobs پیدا شی او ستاسو چې کوم دے ، نو مونږ Surrender کړو هغه خپل Self rule خو اوس جی، یو کونړه بنځه وه، هغه په ګړه ډیره مینه وه، په ګړه ډیره مئنه وه نو چا ورته اووئیل چې فلانکئ! داسې چل وکړه دا هندو کونړ شوے دے او دا هندو واخله نو د هغه به کور آباد شی او ته به ګړه وخورې، هغه ولګیده هغه هندو ئے واخستو۔ بیا ترینه تپوس چا وروستو وکړو چې فلانکئ! تا خو به ګړه ډیره خوړلې وی۔ هغې وئیل چې هندو مې هم واخستو او ګړه مې هم ونه خوړه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: و نه خوړه؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> زه جی ریکویسټ کوم تاسو ته خیر دے، تاسو سبا له پارلیمانی سیکرټری د لته څوک به موجود وی، هغه به د وئ ته۔۔۔۔

<u>وزیر صنعت و حرفت:</u> نه نه جی، زه ریکویسټ کوم چې نه دے دا خپل تحریک التواء واپس اخلی؟ زه د ه ته ریکویسټ کوم، په دې بحث ضروری دے او خا مخا که نن وشی نو زه به ستاسو او د دې ټول ایوان شکریه ادا کوم جی۔

(تالیاں)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Ji, Syed Muhammad Ali Shah, MPA, to please move his call attention notice in the House. Syed Muhammad Ali Shah, please.

<u>سید محمد علی شاہ:</u> مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ گورنمنٹ خیبر پختونخوا نے فروری 2012 کے دوران کنٹریکٹ بنیاد پر محکمہ بہبود آبادی کے 570 ملازمین جو مختلف Categories پر مشتمل ہیں، جن کو گزشتہ تین مہینوں سے تنخواہیں بند ہیں۔ متاثرہ ملازمین نے پشاور ہائی کورٹ سے بھی اس فیصلے کے خلاف رجوع کیا ہے، عدالت نے صوبائی حکومت کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے تنخواہوں کی ادائیگی کے احکامات جاری کئے لیکن تاحال اس پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔

جناب سپیکر صاحب! زه۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی پلیز۔

<u>سید محمد علی شاہ:</u> دا تیر ګورنمنټ کښې دې محکمه بهبودآبادئ کښې جی 570 ملازمین په کنټریکټ باندې بهرتی شوې دی، اوس د دې تیرو درې میاشتو نه تنخواګانې د هغوی بندې دی جی، هغوی د دې خلاف لاړل هائی کورټ ته، هائی کورټ هم دغه فیصله کړې ده چې یره دوئ ته هم په هغه بنیاد باندې خپلې تنخواګانې ورکړئ۔ نو زما منسټر صاحب دا دے ناست دے، دوئ ته دا ریکویسټ دے چې کوم هائی کورټ آرډرز کړی دی، د هغې مطابق د دوئ له تنخواګانې ورکړی جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی شکیل صاحب، پلیز۔

جناب شکیل احمد (معاون خصوصی برائے بہبود آبادی): جناب سپیکر! دا 12-2011 کبنې اے ډی پی تحت Project based بنیادونو باندې سو ایف ډبلیو سی سنټرز Establish شوی وو چې هغې کبنې526 ایمپلائز ته جاب ورکړے شوے وو۔ هغه وخت کبنې انتهائی غلطی دا شوې وه چې کوم اپوائنټمنټ لیټر هغوی ته ملاؤ شوے وو، د هغې ټرمز اینډ کنډیشنز Project based وواو هغوی ته ئے Basic Pay Scale هم ورکړے وو۔ بیا په جون 2013 کبنې د هغوی هغه کنټریکټ چې وو، د هغه پراجیکټ Life چې وو هغه ختم شو او کله چې پراجیکټ ختم شی، د هغېJobs هم ختم شی خو چونکه دغه خلقو محنت کړے وو، د هغوی ټریننګ شوے وو Properly، نو موجوده حکومت او پاپولیشن ویلفیر ډیپارټمنټ د جون 2014پورې هغې ته Extensionورکړے دے او هغه به خپل کار جاری ساتی، جون 2014 کبنې دغه ملازمین به بیا فارغیږی نو که هغه وخت کبنې بیا فنانس ډیپارټمنټ مونږ ته Current sideباندېVacanciesراکړل، Jobs ئے راکړل نو هغې کبنې بیا به مونږ فریش اپوائنټمنټ کوؤ۔ ډیره مننه جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محمد علی صاحب۔

سید محمد علی شاہ: زه د شکیل خان شکریه ادا کوم جی، زه دا یو کال خو کم ازکم دوئ ته به کوم، دا Benefitsدی، دا به ملاؤ شی او کال پس به بیا ګورو جی، خدائے د خیر کړی کال ته خو لا ډیر ټائم پاتې دے جی۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبائی محتسب مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Deputy Speaker: Thank you ji. Item No.8: The honourable Minister for Law, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2013, may be taken into consideration at once.

Mr. Israrullah Khan Gandapur (Minister for Law): Thank you, Sir. Sir, I rise to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2013, may be taken into consideration at once.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2013, may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 4 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1to 4 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. Clauses 1 to 4 stand part of the Bill. Amendment in Clause 5 of the Bill: Mr. Shah Hussain Khan, MPA, to please move his amendment in sub clause (1) of Clause 5 of the Bill. Mr. Shah Hussain Khan, please.

<u>Mr. Shah Hussain Khan:</u> بسم اللہ الرحمان الرحیم The Provincial Ombudsman shall hold office for a period of four years or till the age of sixty two years, which ever is earlier and shall not be eligible for any extension in his tenure or for re-appointment as Provincial Ombudsman under any circumstances.

دا ترمیم دے زما جی دې Bill کښې۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی اسرار اللہ گنڈاپور صاحب، پلیز۔

<u>وزیر قانون:</u> سر، اس میں ڈیپارٹمنٹ کا جو View ہے، وہ یہ ہے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ چونکہ ہم ’ انڈیپنڈنٹ احتساب کمیشن لا رہے ہیں تو اس کا جو Tenure ہے اور اس سب پہ ہم نے Working کی ہے اور By virtue of جو شاہ حسین صاحب Propose کر رہے ہیں تو یہ بھی ان کے Term of office سے Related ہے۔ اگر ممبر صاحب سمجھتے ہیں کہ یہ اس بل کیلئے اچھا ہے، مفید ہے تو سر میں زور نہیں دیتا، ٹھیک ہے جی، آپ اس کو Carry کر لیں۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 6 to 14 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 6 to 14 stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 6 to 14 stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبائی محتسب مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: The honourable Minister for law, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2013, may be passed. Honourable Minister for Law, please.

Minister for Law: Sir, I rise to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2013, may be passed.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2013, may be passed with amendments? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed with amendments. Long title and preamble also stand part of the Bill.

قاعدہ 48 کے تحت سوال نمبر 219 پر بحث

Mr. Deputy Speaker: Mufti Said Janan, MPA and Mr. Abdul Sattar Khan, MPA, to please start discussion on Question No. 219, already admitted for discussion, under Rule 48 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Mufti Said Janan, MPA, Mr. Sattar Khan, MPA.

جناب عبدالستار خان: تھینک یو، سر۔ سر، شاہ صاحب کے سوال پر کافی اس اسمبلی میں، ہاؤس میں ڈسکشن ہو گئی، بحث ہو گئی پھر تقریباً ایوان کی رائے یہ تھی کہ اس پہ مزید ڈیٹیل سے ڈیبیٹ کریں یا اس کو ڈسکس کریں، اس پہ ہم نے نوٹس دیا تھا، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے لایا اس کو۔ جناب سپیکر، بلدیاتی ادارے پاکستان کے آئین کی ایک ضمانت ہیں۔ اس اسمبلی سے پہلے ہم نے اپنے صوبے کے حوالے سے جو اس وقت گورنمنٹ نے اس کو بہتر سمجھا، ہم نے ایک ایکٹ پاس کیا تھا، 2012 لوکل گورنمنٹ باڈیز کا ایکٹ جو ہے لیکن اس سے پہلے جو دور رہا ہے مشرف Regime، اس میں انہوں نے اپنے طرز کا ایک بلدیاتی نظام لایا تھا۔ اس سے قبل 1979 میں ضیاء دور میں ایک بلدیاتی نظام جو اس ملک میں نافذ کیا گیا تھا۔ یقیناً ہر صوبے کی اس ملک میں اپنی ضروریات ہیں، اپنے حالات ہیں، اس حساب سے اداروں کی تشکیل بھی کرنی ہے لیکن ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس ملک کو اپنے منشاء کے نظام کا ایک تجربہ گاہ بنایا گیا ہے اور مجھے

افسوس ہے کہ اس طرف خاص کوئی توجہ نہیں دی گئی، نوبت یہاں تک آئی کہ پاکستان کی سپریم کورٹ نے اس کیس کو سنا اور ان کی ڈائریکشنز ہیں مختلف صوبائی حکومتوں کو۔ آج تحریک انصاف کی حکومت ہے، بلدیاتی اداروں کے بارے میں ان کا ایک بہت بڑا Slogan ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم وسائل کو اور اختیارات کو نچلی سطح تک عوام کو دینے کی بات کرتے ہیں۔ یقیناً ہم بھی اس کی سپورٹ کرتے ہیں لیکن جو Requirement ہے، اس میں قانون سازی کرنا تھی ہم نے، اب ہم جو سنتے ہیں جناب سپیکر، بڑی عجیب بات ہوگی یہ، اس بل کو آرڈیننس کی شکل میں لانا چاہتے ہیں۔ اس اسمبلی کے ہوتے ہوئے اور پہلے ایک قانون موجود ہے، لوکل باڈیز ایکٹ 2012 اسی اسمبلی نے پاس کیا ہے، اس کے ہوتے ہوئے یہ آرڈیننس کے ذریعے کرنا، لانا یہ پارلیمانی روایات میں نئی ایک مثال ہوگی۔ جناب سپیکر! صرف دو چیزوں پر قانون سازی ہوگی، یقیناً اس بل میں آئیں گی، ان دو چیزوں پہ میں تجویز اس ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، جو میری ناقص رائے ہے، تھوڑی بہت میری مطلب اس پہ سٹڈی ہے۔ جناب سپیکر، میں اس کے حق میں ہوں کہ جو بھی بلدیاتی نظام ہو، اس صوبے کے جو حالات ہیں ہمارے، اس میں جو بہتر سمجھتے ہے ہم لیکن اس میں یکساں ہو، یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ ویلج کونسل کے لیول پہ یا جو بھی نام یہ دیتے ہیں، ابھی پتہ نہیں کہ کیا نام دیتے ہیں اس کیلئے؟ وہ غیر جماعتی ہو، تحصیل اور ضلع کے لیول پر جماعتی ہو، میں کہتا ہوں کہ یہاں اس نکتے سے ہم یہ ایک بنیادی غلطی کریں گے، نہ یہ سیاسی ہونگے، نہ غیر سیاسی، یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ آدھا تیتر آدھا بٹیر نہیں ہو سکتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر سیاسی کرنا چاہتے ہیں، اگر صوبے کے حالات ہمارے مقامی ماحول، ہماری قومی مزاج سیاسی کیلئے موزوں ہیں تو اس کو سیاسی بنائیں، Party basis پر بنائیں۔ اگر ہم اس کو مناسب نہیں سمجھتے ہیں تو اس کو 'نان پولیٹیکل' بنائیں، Non party basis پہ اس کی تشکیل ہو۔ یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ اس میں کونسلر غیر جماعتی ہو، بعد میں ہمارے اوپر پابندی ہو کہ تحصیل کے لیول اور ضلع کے لیول پر یہ جماعتی ہوگا، یہ نہیں ہو سکتا ہے، یہ ایک غیر فطری بات ہوگی۔ یا تو سیاسی بنانا ہے مستقل طور پر یا غیر سیاسی، یہ دو باتیں ہیں۔ جناب سپیکر، دوسری بات، گزشتہ ایکٹ میں جو قانون سازی ہوئی تھی، جو قانون سازی ہوئی تھی، اس میں ہم نے بلدیاتی میں ایک میونسپل کمیٹی، جن اضلاع میں جن علاقوں میں میونسپل کمیٹیز نہیں تھیں، جو میرٹ بنتا تھا ان کا، جو شہری علاقے تھے، وہاں پر میونسپل کمیٹیز قائم کی تھیں۔ یہ Proposed Bill جو لا رہے ہیں، ان میونسپل کمیٹیز کو ختم کیا جا رہا ہے، تو یہاں پہ ایک بہت بڑا سوال ہوگا۔ میری تجویز بھی ہوگی کہ اس پہ غور کریں، یہ کوئی آسمانی صحیفہ نہیں ہے کہ ایک بل

ہم نے جو Propose کیا ہے، وہ آخری ہو گا، اس پہ ہمارے ساتھ بھی مشاورت کریں، اپوزیشن کے ساتھ مشاورت کریں، بڑے ماہرین کے ساتھ بھی مشاورت کریں۔ نعرے کی بنیاد پہ پالیسی نہیں ہونی چاہیے، نعرے کی بنیاد پہ قانون سازی نہیں ہونی چاہیے بلکہ بہتر کی تلاش میں، بہتر سے بہترین کی طرف ہمیں جانا چاہیے۔ میں کہتا ہوں کہ میونسپل سروسز شہری علاقوں کی ضرورت ہے، جن شہروں میں ٹاؤن کمیٹیز بنیں گی، یہاں پشاور میں غالباً میٹروپولیٹن بنے گا، باقی اضلاع میں ٹاؤن کمیٹیز بنیں گی لیکن بعض اضلاع اس صوبے کے ایسے ہیں کہ جہاں پہ ٹاؤن کمیٹیز نہیں بن سکتیں، وہاں میونسپل کمیٹیز بنائی تھیں گزشتہ ایکٹ میں ہم نے، بڑی کوشش کی تھی پورے ہاؤس نے اس میں، تو جب میونسپل کمیٹیز وہاں سے ختم کریں گے، یونین کونسل ختم نہیں ہو گی، ویلج کونسل ہو گی تو اس شہری علاقے کو ان اضلاع میں میونسپل سروسز کونسا ادارہ دے گا؟ یہ بہت بڑا سقم ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ اس چیز کو اس بل میں خصوصی طور پر رکھیں کہ جن اضلاع میں، مثال کے طور پر تورغر میں بھی ایک میونسپل کمیٹی بنی تھی کیونکہ وہ ضلع تھا، ضلعی ہیڈکوارٹر میں اس کی ضرورت تھی، کوہستان میں بنی تھی، بٹگرام میں بنی تھی، شانگلہ میں بنی تھی۔ اب اس بل میں جو بات ہمارے سامنے آتی ہے، اس میں اگر ان اداروں کو ختم کریں گے تو وہاں پہ میونسپل سروسز ہم نہیں دے سکیں گے۔ ان دو گزارشات کے ساتھ جناب سپیکر، باقی ساتھی بھی اس پہ بات کریں گے۔ میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا، مجھے سنا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، جناب۔ سید جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ دا کوم سوال چې ما پیش کړے وو جی، هغې باندې بیا دوئ نوټس Under rule 48، دیکښې زه درې خبرو یقین دهانی غواړم د منسټر صاحب نه، بلکه د څلورو خبرو چې یو دوئ بنیادی خدوخال لړ. غوندې دې هاؤس ته وښائی، هغه بیان کړی که څه دوئ Propose کړی وی او څه د دوئ په دماغو کښې وی۔ دویمه خبره دا ده جی چې دا Bill اسمبلئ ته چې راځی نو It should come as Bill, not as an Ordinance, as a Bill د دا راشی او چې د هغې سره بیا هغه حشر ونشی کوم چې پرون د Right to Information چې کوم Access to Information سره وشو چې بیا مونږه په هغه ورځ باندې، خلقو چا کتلے هم نه وو او د هغې د پاره مونږه سلیکټ کمیټی جوړه کړه او اوس هغه به ښه طریقه باندې Thoroughly discuss شی او بیا به په

Consensusباندې Bill راشی، هاؤس به ئے Unanimously approve کړی۔
نو زما به دا تجویز وی چې دا د Bill په صورت کښې راشی اسمبلئ ته او د دې
د پاره د د مخکښې نه سلیکټ کمیټی جوړه شی چې هغه ئے ډسکس کړی May
be the Select Committee is comprising the Parliamentary Leaders۔
دریمه خبره جی زما دا ده چې کوم ټی ایم ایز کښې تر اوسه پورې پوسټنګ د تیرو
شپږ میاشتو نه نه دے شوے او مونږ ته دا پته نشته چې بلدیاتی نوے قانون به کله
Approve کیږی او کله به هغه Implementation ته راځی نو د هغې پورې به
هغه ټی ایم ایز Without staff وی او چې هلته عمله نه وی نو هغې نه به خلق
متاثره کیږی نو زه وایم چې هغې کښې د د سټاف بهرتی،Existing TMAs کښې
هغه بهرتیانې د اوس وکړے شی او بیا چې قانون راشی، بیا خو به ورسره ګورو
ټوله صوبه ده۔ نو زما به اول منسټر صاحب ته دا ریکویسټ وی چې هغه لږ
غوندې د دې هغه کمپوزیشن مونږ ته بیان کړی چې د دې سټرکچر به څه وی؟
لکه څنګه چې زما ورور خبره وکړه، دا خو اوس کلیئر نه ده چې ویلج کونسل به
وی، هغه به سیاسی بنیاد باندې کیږی، غیر سیاسی بنیاد باندې به کوی؟
جماعتی بنیاد باندې به وی، غیر جماعتی بنیاد باندې به وی؟ نو چې د دغې نه
مونږ لږ غوندې خبر شو او دا Should come as Bill, not as an Ordinance۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، جی۔

جناب جعفر شاہ: نو بیا به په هغې مونږ ډیټیل، هاؤس به په هغې باندې خبره وکړی۔
تهینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عنایت اللہ خان صاحب، پلیز۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ اس پہ دو ممبران نے
ڈسکشن میں حصہ لیا ہے، محترم جناب عبدالستار خان اور محترم سید جعفر شاہ صاحب جو کہ Movers
of the Question ہیں۔ میں تو یہ خدشہ ان کا دور کرنا چاہوں گا کہ یہ آرڈیننس کی صورت میں
نہیں، جس طرح Right to Information Act ہوا، اس کو ہم بل کی صورت میں لائیں گے ان
شاء اللہ۔ یہ بڑا Important piece of legislation ہے اور ہم نہیں چاہتے ہیں کہ اس کو عجلت
میں پاس کرائیں اور یہ ابھی لیجسلیشن کا جو پراسیس ہوتا ہے، اس پراسیس سے گزر رہا ہے، یہ ڈاکومنٹ

Matureنہیں ہوا ہے، یہ صرف لوکل گورنمنٹ کے اندر فائنل ہوا ہے، ورکنگ گروپ کی Recommendations ہیں، ان Recommendations کو پھر اسلام آباد کے اندر انٹرنیشنل آرگنائزیشنزاور سول سوسائٹی کی آرگنائزیشنز کے ساتھ شیئر بھی کیا گیا ہے، دوروزہ اس پہ ورکشاپ ہوا ہے، اس پہ ڈسکشن اور ڈیبیٹ ہوئی ہے اور Individuallyبھی بعض آرگنائزیشنز نے اس پہ ورکشاپ کئے ہیں اور ابھی تک میں یہ نہیں کہہ رہا کہ یہ فائنل ڈاکومنٹ ہے کیونکہ یہ اب لاء ڈیپارٹمنٹ گیا تو لاء ڈیپارٹمنٹ والوں نے بھی اس پہ بریفنگ مانگی ہے۔ پھر سردار اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب نے اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کوانسٹرکشنز دی ہیں کہ وہ اس بل پہ ان کو، اور میں نے اپنے ڈیپارٹمنٹ کو Further instructions pass onکی ہیں کہ وہ لاء ڈیپارٹمنٹ میں منسٹر لاء کو اس کے اوپر بریفنگ دے۔ ظاہر ہے لاء ڈیپارٹمنٹ کے اندر بھی اس پہ وہ اپنے Inputشامل کریں گے اور آگے پھر یہ کیبنٹ جائے گا، فنانس بھی جائے گا، اسٹیبلشمنٹ بھی جائے گا، یہ سارا کیبنٹ کے ساتھ بھی شیئر نہیں ہوا ہے، کیبنٹ کے اندر بھی اس میں ہوسکتا ہے کہ امنڈمنٹس آجائیں گی اور اس کے بعد پھر اسمبلی میں آئے گا اور ظاہر ہے اسمبلی میں عجلت میں اس کو پاس نہیں کیا جائے گا، اس میں ڈسکشن اور ڈیبیٹ کا پورا موقع دیا جائے گا۔ میرا خیال ہے جعفر شاہ صاحب کی ایک بات تو، ایک خدشہ تو دور ہو گیا ہو گا کہ اب یہ آرڈیننس کی صورت میں نہیں آئے گا، بل کی صورت میں آئے گا اور بنیادی خدوخال ویسے اس کے وقتاً فوقتاً اخبارات کے اندر آچکے ہیں، میں نہیں سمجھتا کہ Time constraints کی وجہ سے میں پورا اس کا احاطہ کر سکوں لیکن کچھ چیزیں آپ کے سامنے رکھوں گا، میں اس کو نہیں چھپاؤں گا اور آپ اس کیلئے ابھی سے تیاری کریں جب Law introduceہو تو اپنا Input آپ دیں، اس میں اگر امنڈمنٹس موو کرنا چاہیں۔ اس وقت آپ کے پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ بھی اس کو ڈسکس کیا جا سکتا ہے، یہ سارے راستے Open ہوں گے۔ میرے خیال میں سلیکٹ کمیٹی میں تبھی جائے گا کہ جب سلیکٹ کمیٹی میں جانے کی ضرورت محسوس ہو۔ یہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ، 2012 کا حوالہ عبدالستار خان نے دیا ہے، لوکل گورنمنٹ ایکٹ، 2012 ہمارا یہ خیال ہے کہ Constitution کے اندر لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے تین Provisions کے اندر، ایک آرٹیکل 32 پورا لوکل گورنمنٹ انسٹی ٹیوشنز کے حوالے سے ہے اور آرٹیکل 37 کی (i) Clause یہ پوری اس کے حوالے سے ہے، لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے ہے اور آرٹیکل 140، میرا خیال ہے یہ اس کی Spirit کے مطابق جتنے بھی لوکل گورنمنٹ لاز Introduce کئے

گئے تھے، اس کی Spirit کے مطابق نہیں تھے Because they talk of devolution, financial, political and administrative powers of the district.اور لوکل گورنمنٹ ایکٹ، 2012اور 79ء، یہ Devolutionکی بات نہیں کرتے ہیں، یہ لوکل کونسل Establishکرتے ہیں۔تو اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ پنجاب کے اندر بھی پرانا جو Outgoing Assembly نے ایکٹ پاس کیا تھا، وہ Retainنہیں رکھا گیا۔ سندھ اسمبلی میں بھی نیا ایکٹ آیا، تو ہم بھی Constitution کے مطابق اس کو لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔اس میں کوشش کی گئی ہے کہ Power کو Devolve کیا جائے جس طرح Constitution کی ڈیمانڈ ہے In accordance with the spirit of the Constitutionاور ویلج کونسل کا ادارہ Introduce کیا جارہا ہے اور یہ اسی Spiritکے اندر ہے کہ Power fragmentہو اور بالکل نچلے لیول پہ چلی جائے اور یہ ویلج کونسل کا Concept یہ ہے کہ Colonial دور سے پہلے ہمارے ویلجز جو تھے، Self contained units تھے، ان کا اپنا نمبرداری کا نظام تھا، سیکورٹی کا نظام تھا، اپنے اندر ایک سسٹم تھا پورا، جرگہ کا نظام تھا اور اس طرح وہ اپنے مسائل خود یونٹ کے اندر حل کرتے تھے لیکن یہ Natural unit Colonial دور کے بعد ختم ہوا، Then we have these new administrative unitsہم چاہتے ہیں کہ اسی Natural unitکو دوبارہ بحال کریں تاکہ ویلج کے اندر لوگ مل بیٹھ کر اپنی قسمت کے فیصلے خود کر سکیں، اپنی ڈیویلپمنٹ کے حوالے سے پلان کر سکیں کہ ان کے ویلج لیول پہ جو Local Government Functionariesہیں، ان کو Accountableکر سکیں، ان سے کام لے سکیں۔ اس لئے یہ بنیادی آئیڈیا ہے اور ویلج کونسل کیلئے دو ہزار سے لیکر دس ہزار تک آبادی کی Limitرکھی گئی ہے، اس کو کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے، یہ فائنل نہیں ہے، This is not finalاسمبلی کے اندر ڈیبیٹ کے نتیجے میں، کیبنٹ کی ڈیبیٹ کے نتیجے میں اس کو آگے پیچھے کیا جا سکتا ہے۔یہ اس لئے یہ Limitرکھی گئی ہے کہ اگر دو ہزار سے کم آبادی والے ویلج کو ہم رکھیں گے تو بہت چھوٹی ہو جائے گی اس لئے اس میں Adjacentچھوٹا ویلج بڑے ویلج میں شامل کر کے ویلج کونسل بنائی جائے گی اور دس ہزار سے بڑھ جائے گا تو وہ بہت بڑھ جائے گی، اس لئے یہ ساڑھے تین چار ہزار کے Rangeمیں ویلجز بن جائیں گے اور اس میں دس سے پندرہ کونسلرز ہونگے، دو ہزار آبادی والے میں پانچ جنرل کونسلرز اور دس ہزار آبادی والے میں دس جنرل کونسلر اور باقی خواتین کی وہ 33% نمائندگی، 5%یوتھ کونسلر اور Fiveلیبر اور کسان اور اس

طرح 5% مینارٹی کی (نمائندگی)، جس طرح پہلے اس میں رکھی گئی تھیں اور یہ Constitution کے آرٹیکل 32 کی ڈیمانڈ ہے، یہ ساری نمائندگی اس میں رکھنا ہوگی اس لئے یہ ویلج کونسل کی ساخت ہے اور ویلج کونسل کو ہم فنڈ بھی دینگے، ویلج کونسل وہاں کے جو Government functionaries ہیں، ان کو Accountable بھی کرسکے گی، ان کو Monitor اور Supervise بھی کرسکے گی اور ان سے ڈیوٹی بھی لے سکے گی اور اپنے ویلج لیول کی ڈیویلپمنٹل سکیمز اور اس کو پلان بھی کرسکے گی، اگر وہ اس ویلج سے باہر کے لیول کی ہو تو آگے تحصیل کونسل اور ضلع کونسل کو Recommend کرے گی۔ یہ ویلج کونسل کا یونٹ ادھر ہی رہے گا اور یہ غیر جماعتی بنیادوں پر اس لئے اس کی تجویز آئی ہے، اس کو Recommend کیا گیا ہے، یہ Debatable ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ Debatable ہے اور یہ کوئی Closed Chapter نہیں ہے، اس کو اسمبلی میں دوبارہ بھی Debate کیا جاسکتا ہے یعنی ہماری Contention یہ ہے کہ اس لیول پر ہمیں Fragmentation اور Polarization نہیں چاہیے ہوگی۔ ویلج کے لیول پر ہم ایک Natural unit چاہتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ جرگے کی جو صورت ہے، وہ برقرار رہے اور اسی لیول پر لوگ Decision کریں اور اپنی باہمی Understanding اور کوآپریشن کے ساتھ Decision کریں، اس کے بعد پھر تحصیل کونسل بنے گی اور ضلع کونسل بنے گی۔ یہ جو ویلج کونسل ہے، یہ Electoral college نہیں ہوگی تحصیل کونسل کی اور ضلع کونسل کی، یہ ایک غلط فہمی ہے This will not be an electoral college for Tehsil Council / Zilla Council، تحصیل کونسل کیلئے جو موجودہ یونین کونسل ہے، اس کی بنیاد پر یہ ایک وارڈ Declare ہوگا، ایک بندہ تحصیل کونسل کیلئے Elect ہوگا، ایک بندہ ضلع کونسل کیلئے Elect ہوگا And it will be on the basis of parties، یہ Party based elections ہونگے اور پھر ان کے تحصیل ناظم اور ضلع ناظم کے الیکشنز اس طرح ہونگے کہ اسی ہاؤس سے بندہ Elect ہوگا، Candidate ہوگا اور وہی ہاؤس اس کیلئے، Respective House، whether it is a Tehsil Council or Zilla Council وہی ہاؤس اس کیلئے Electoral college ہوگا اور Reserved seats جو Proportion نیچے لیول پر ہے، اسی Proportion کے مطابق Reserved seats جس طرح صوبائی اسمبلی کیلئے Reserved seats پر لوگ منتخب ہوتے ہیں، لسٹ سسٹم پر پولیٹکل پارٹیز اپنی لسٹ دیتی ہیں، اسی طرح Reserved seats بھی لسٹ سسٹم پر Elect ہونگی، ہر پارٹی جتنی بھی تحصیل کونسل اور ضلع کونسل کے اندر سیٹیں

جیتے گی، اسی Proportion پر ان کو Reserved seats دی جائیں گی اور تحصیل کونسل کے اندر اور ضلع کونسل کے اندر اسی ہاؤس میں سے ناظم اور نائب ناظم Elect ہونگے By Majority اور Horse trading کو روکنے کیلئے Party based elections ہونگے اور ووٹ By division ہوگا تاکہ کوئی، جو خرید وفروخت ہوتی رہی ہے، وہ نہ ہوسکے اور Floor crossing کا لاء بھی آئیگا جو پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کے تحت ساری چیزیں، تاکہ کرپشن کے سارے راستے روکے جاسکیں اور جو Independent ہونگے، جس طرح صوبائی اسمبلی کے اندر ان کو Option ہے کہ تین دن کے اندر اندر یا Duration دی جاتی ہے کہ اس کے اندر اندر پولیٹکل پارٹی کو Join کریں تو ان کیلئے بھی Option ہوگی۔ اس طرح یہ تینوں ہاؤسز Elect ہونگے، پراونشل فنانس کمیشن بنے گا، اکاؤنٹ فور بحال ہوگا اور لوکل گورنمنٹ کمیشن ہوگا جو کہ سسٹم کو Continuously دیکھے گا اس کو Review کرے گا، اس کے اندر جو پرابلمز آتے ہیں، ان کو وزٹ کرے گا، Solution نکالے گا اور پراونشل فنانس کمیشن میں اپوزیشن کی بھی نمائندگی ہوگی اور Party in power کی بھی نمائندگی ہوگی۔ اس طرح جو Elected ناظمین ہیں، وہ اپنے Representatives کو خود Elect کرسکیں گے، جو پرانا نظام تھا ان کو حکومت وقت Nominate کرتی تھی لیکن ہم نے پراونشل فنانس کمیشن میں Recommend کیا ہے کہ جو ناظمین کے نمائندے ہونگے، وہ پچیس ضلعوں کے ناظمین اور تحصیلوں کے ناظمین ان کو Elect کرینگے اور یہ ابتداءً تین سال کیلئے Elect ہونگے، اس سکیم کی Duration ہوگی اور Powers ہم، جو ڈیپارٹمنٹس ہیں، ان کو Devolve کررہے ہیں۔ ایک Lacuna جو 2001 کے سسٹم کے اندر رہا تھا کیونکہ اس وقت صوبائی اسمبلیاں نہیں تھیں، صوبائی اسمبلی کے ممبران کا Role defined نہیں تھا، اس سسٹم کے اندر ہم نے اس کو Address کرنے کی کوشش کی ہے کہ جو ڈیڈک ہے، اس کو بحال رکھا جائیگا، ڈی ڈی سی ختم ہوگی، وہ Merge ہوگی ڈیڈک میں۔ ڈیڈک کا چیئرمین ایم پی اے ہوگا اور اس میں ضلع ناظم اور تحصیل متعلقہ تحصیل ناظمین ہونگے، اس طرح ڈپٹی کمشنر اس کا سیکرٹری ہوگا اور جو متعلقہ ڈیپارٹمنٹس ہیں، وہ اس کے ممبران ہونگے، اس کے ساتھ ہونگے جس طرح ڈیڈک کے اندر ہوتا ہے اور وہ مل بیٹھ کر کوآرڈینیشن کے ساتھ فیصلے کرینگے لیکن جو صوبائی اسمبلی کے ممبران کے فنڈز ہیں، وہ ہونگے تو اس میں وہ اس کو وہ Overrule نہیں کرسکیں گے، وہ Overriding effect ان کو نہیں ہوگی اور جو کونسل سے چیزیں پاس ہونگی لیکن یہ جو ڈیڈک ہے، یہ اس کو دیکھ سکے گی کہ کہیں Over lapping تو نہیں ہے، کہیں

سکیموں کی Duplication تو نہیں ہے، ٹیکنیکل فزیبلٹی کو دیکھ سکے گی اور اس طرح یہ ایک فورم بنے گا جہاں ضلع ناظمین اور تحصیل ناظمین اور صوبائی اسمبلی کے ممبران ایک دوسرے کے ساتھ Interact کر سکیں گے، اس چیز کو بھی Address کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور یہ جو ان کی Suggestions آئی ہیں، میں انکو Further ان شاءاللہ کیبنٹ کے اندر بھی ساری یہ رکھونگا، آپ کا جتنا بھی Feed back آیا ہے، اس کو میں رکھونگا اور میونسپل کمیٹیوں کا جو کرنٹ سسٹم ہے، سچی بات یہ ہے کہ اس کے نتیجے میں جو کمیٹیاں ہیں، ان کو تو میونسپل سروسز ملتی ہیں لیکن ان سے جو باہر ایریاز ہیں، وہ محروم رہتے ہیں۔ اس لئے جو تحصلیں بنیں گی، ٹاؤن کمیٹیز بنیں گی، اس میں یہ میونسپل سروسز یہ جو کرنٹ اربن ایریاز ہیں، اس سے آگے بھی ہم Extend کر سکیں گے۔ جو لوگ محروم رہے ہیں، ان کو بھی ہم اپنے ساتھ ملا سکیں گے اور یہ آئیڈیا ذرا زیادہ Successful آئیگا ان شاءاللہ اور جو جعفر شاہ صاحب نے کہا ہے کہ سٹاف کی کمی ہے تو ان شاءاللہ ان کو دیکھتے ہیں، آپ نے جو سوال اٹھایا تھا، اس کو دیکھتے ہیں، کہیں سٹاف کی کمی ہے تو اس کو ابھی پورا کر سکتے ہیں، اس کا انتظار ان شاءاللہ نہیں کریں گے اور اگر Sanctioned پوسٹیں ہیں اور وہ خالی ہیں، ان کو Fill بھی کر سکتے ہیں اور اگر فوری ایسی ضرورت ہے کہ اس کے بغیر وہ کمیٹی نہیں چل سکتی، اس پر بھی غور کر سکتے ہیں، Creation پر بھی غور کر سکتے ہیں۔ ظاہر ہے اس میں یہ دیکھا جائیگا کہ لوکل گورنمنٹ کی جو سروسز ہیں، اس میں آئیڈیا یہ ہے کہ وہ خود اپنے فنڈز Generate کرتی ہے تو کہیں زیادہ اتنی پوسٹیں تو Create نہیں ہو رہی ہیں کہ وہ حکومتی گرانٹس پر چلیں، پورا وہ اپنا ریوینو جنریٹ نہ کر سکیں، اس لئے ان کیلئے بھی مشکل ہو گی کیونکہ ڈیویلپمنٹ کیلئے ان کے پاس کچھ نہیں رہے گا، ان ایشوز کو ان شاءاللہ اس سے پہلے بھی ہم دیکھ سکتے ہیں۔ یہ اس کے بنیادی خدوخال ہیں اور جب یہ بل آئے گا تو پھر بھی ان کو موقع دیا جائے گا، اس پر بھرپور ڈسکشن ہو گی۔ میرا خیال ہے کہ جو Rule 48 ہے، اسکا Sub rule (4) یہ کہتا ہے کہ There shall be no voting nor any formal motion in the course of or at the conclusion of such discussion. میرے خیال میں یہ ڈسکشن آج Conclude کرتے ہیں اس پر رولز آف بزنس کے مطابق اور آگے جو یہ بل آئے گا تو ان شاءاللہ اس کے اوپر آگے بھی ہم Open ہیں، ڈسکشن کر سکتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ہمارے ساتھ Informally بھی، I am open، Informally بھی اگر میرے ساتھ کوئی آفس کے اندر اسمبلی سے باہر ڈسکشن چاہتا ہے تو یہ ابھی کیبنٹ میں نہیں گیا ہے، میں ان کی Proposal کیبنٹ میں بھی لے سکتا ہوں اور اچھی

Proposals کو میں اب بھی ان شاءاللہ Accommodate کر سکتا ہوں۔ Thank you very much, Sir۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، جی۔ سردار بابک صاحب، پلیز

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر، میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

(آواز نہیں آرہی)

جناب ڈپٹی سپیکر: شیراز صاحب۔

جناب شیراز خان: جناب، وزیر بلدیات نے جو بلدیاتی نظام کے خدوخال واضح کئے ہیں زبانی، یہ تو زبانی جمع خرچ ہے، میرے خیال میں اگر کتابچہ کی شکل میں معزز ایوان کے ممبران کو یہ پہلے سے مہیا کیا جائے تاکہ یہ اچھی طرح سے اس کو دیکھ سکیں اور اس کی تیاری کر سکیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ سردار بابک صاحب، پلیز

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ مونږ خو د منسټر صاحب هم شکریه ادا کوؤ چې هغه چې کوم کمپوزیشن دے یا چې کوم خدوخال دی، هغه ډیټیل کښې مونږ ته وړاندې کړل او د هغه د وینا تر مخه چې په کومه اندازه باندی مونږ پوهه شو، بهرحال دا خو به ظاهره خبره ده اوس Format په داسې سټیج کښې دے چې لاء به ئے هم Vet کوی او بیا څنګه چې هغه خبره وکړه چې پارلیمانی سیکرټریانو سره به ئے هم ډسکس کوؤ، مونږ د دې خبرې هم ډیره زیاته شکریه ادا کوؤ او سپیکر صاحب! ظاهره ده دا لاء چې کله دې اسمبلئ ته راشی، بیا به په هغې باندې په ډیر ډیټیل باندې خبره کوؤ خو زمونږ به د حکومت نه دا غوښتنه وی چې په ځائې د دې چې د دې صوبې د پاره د بلدیاتو یو سسټم جوړیږی، هغه په اسلام آباد او لاهور کښې ډسکس کیږی، زما خو تجویز دا دے حکومت ته چې د دې خپلو ورونړه سره او د دې خپلو دوستانو سره ډسکس کړی نو زما یقین دا دے چې ټهیک ټهاک او ښې ښې مشورې به راشی، یوه خو دا خبره۔ بله خبره دا چې دا چې کوم Basic unit دے یا دا د لاندې Bottom side نه چې د حکومت داخواهش لری یا د هغوی تجویز دے چې دا الیکشن به مونږ په غیرجماعتی بنیادونو باندې کوؤاود منسټر صاحب مطابق چې هغه روایتی یا ټریډیشنل جمبه چې ده، پره جمبه چې ده، مونږ هغه بحال کول غواړو، سپیکر صاحب! مونږ چې

شاید دا خبره هیره نکړو چې زمونږ په دی ګاونډ کښې قبائلی علاقه ده، نن د هغې د تباهئ لوئے سبب چې دے ، هغه د پولیټیکل ایکټ غیرموجود ګی ده هلته، چې هلته په سیاست پابندی ده۔ سپیکر صاحب، داجمهوریت دے او په دې صوبه کښې جمهوری حکومت دے ، مونږ د دې جمهوری حکومت نه دا غوښتنه به کوؤ چې هسې هم چې مونږ وګورو په دې وطن کښې سیاست چې دے ، هغه بدنام دے ، سیاسیان هم بدنام دی، په سیاسی جماعتونو باندې د عامو خلقواعتماد چې دے ، هغه هم ډیر زیات کم دے او که دا کوشش وشو چې د هغه Bottom side نه یا د هغه وارډ سائډ نه په غیر جماعتی بنیادونو باندې د الیکشن کولو یو کوشش وشو، مونږ به دا ګڼو چې داد جمهوریت خلاف به یو سازش وی، سیاسی جماعتونه چې دی، د هغې سره به کمزوری شی او زه خو نه پوهیږم حکومت د په دې خبره باندې نه یریږی چې نن خو هغوی په حکومت کښې دی، مونږ په اپوزیشن کښې یو، پکار دا ده چې حکومت د اولنئ ورځې نه دا اعلان وکړی، اګرچې د منسټر صاحب دا خبره زما ډیره زیاته خوښه شوه چې داډرافټ چې دے ، دا لا فائنل نه دے خو داسې یو کوشش زما په صوبه کښې پکار نه دے چې په سیاسی جماعتونو باندی خلق عدم اعتماد وکړی یا خلقو ته یو داسې Window کهلاؤ شی چې د جمبو په نامه باندې، د پرو په نامه باندې، د قبیلو په نامه باندې سیاسی جماعتونه چې دی چې هغه کمزوری شی۔ سپیکر صاحب، دا یواځې زما د ملک نه، په ټوله دنیا کښې دا یو مسلمه تصور دے چې د وطن د مسئلو حل چې دے ، دا په جمهوریت کښې دے او د جمهوریت د پاره سیاسی ګوندونه چې دی، هغه مضبوطول پکار دی۔ داسې کوششونه خو په تیرو وختونو کښې په دې وطن کښې د بدقسمتئ نه آمرانو کړی دی چې په غیر جماعتی بنیادونو باندې، او زه یو بل تپوس کوم سپیکر صاحب! چې کله په وارډ باندې یو کونسلر منتخب کیږی، هغه به په غیر جماعتی بنیاد باندې وی خو چې کله هغه منتخب شی نو بیا به هغه یو سیاسی ګوند ته ځی، نو دا خو په ډاګه خبره ده چې نن دلته د تحریک انصاف او د اتحادیانو حکومت دے ، کونسلران به آزاد منتخب شی بیا به وزیر اعلیٰ صاحب یوې یوې ضلعې له وخت ورکوی او هغه کونسلرانو سره به ملاویږی او هغوی ته به سبز باغ ښائی، هغوی سره به وعدې کوی او هغه

ټوله ضلع چې ده، هغه به یا تحریک انصاف کښې شاملیږی یا به قومی وطن پارټئ کښې شاملیږی او یا به جماعت اسلامی کښې شاملیږی۔ سپیکر صاحب، دا به د Horse trading د پاره او د کرپشن د پاره یو ډیره لویه دروازه کهلاؤ شی۔ پکار دا ده چې مونږ ټول سیاسی ګوندونه، مونږ ټول سیاسی جماعتونه په دې وطن کښې سیاسی جماعتونو مضبوطولو د پاره، د کونسلر نه راواخلو چې هغه له خپله انتخابی نخښنه ورکړو لکه څنګه چې په جنرل الیکشن کښې د هر سیاسی جماعه خپله نخښنه وه، پکار دا ده حکومت چې په دیکښې پهل وکړی، ابتداء وکړی چې که بیټ والا نخښنه ورکوی څوک، که څوک ورله ډیوه نخښنه ورکوی، که څوک ورله لالټین نخښنه ورکوی، که څوک ورله ترازو نخښنه ورکوی، که څوک ورله کتاب نخښنه ورکوی چې دا سیاسی جماعتونه چې دی، د دې په عوامو کښې جرړې مضبوطې شی او د دې وطن سیاسی او جمهوری نظام چې دے، دا دومره مضبوط شی چې په راروان وخت کښې هم دا کوشش څوک ونکړی چې دا ډیموکریسی Derail کړی The one way or the other، یوه خبره سپیکر صاحب۔ دویمه خبره د Duration ،او دا زما تجاویز دی، منسټر صاحب هم په دې خبرو بد نه ګنی ځکه چې هغه پخپله دا خبره وکړه چې دا ډرافټنګ فائنل نه دے، چې کله د دې صوبائی او یا قومی اسمبلو د پاره، پارلیمان د پاره دورانیه چې ده، دا پینځه کاله ده، زمونږ به دا تجویز وی چې د دې بلدیاتی نظام د پاره، د دې بلدیاتی ادارو د پاره دا Duration چې دے، دا پینځه کاله پکار دے۔ دریمه خبره، ماته لګی داسې چې دلته به ډیډک هم بحال وی، ایم پی اے صاحب به د ډیډک چیئرمین هم وی، زما د ضلعې ډپټی کمشنر چې دے، دے به د ډیډک جنرل سیکرټری هم وی او بیا دا خبره کیږی چې دا لوکل کونسل، تحصیل کونسل او ضلع کونسل، نو دا Duplication نه دے نو دا بیا څه شے دے؟ که حکومت خواهش لری، دا ډیره غوره خبره ده او پکار هم ده چې دا Legislatures دی چې دا اسمبلی صرف لیجسلیشن ته پاتې شی، د ضلعې تر حده پورې بجټ تیارول شو یا هغه فنانشل چې کوم مینجمنټ دے، سکیمونو د پاره تجاویز دی یا اے ډی پی جوړول دی، پکار دا دے چې دا ترقیاتی کار چې څومره څومره دے چې دا بیا هغه لوکل باډیز ته حواله شی، قوم ته هم دا پته ولګی چې دا صوبائی

ته څوک راغلی دی، مونږ نه به نه ستن غواړی، نه به را نه ټرانسفر غواړی، نه به را نه روډ غواړی، نه به را نه سکول غواړی، نه به را نه هسپتال غواړی، نه به را نه روزګار غواړی، مونږ به لیجسلیشن کوؤ، هغه خلق به ترقیاتی کار کوی، دا به ډیره غوره خبری وی او دا به ډیره زیاته بهتره خبره وی۔ سپیکر صاحب، چونکه Bill هم لا اسمبلئ ته نه دے راغلے خو چونکه تاسو مهربانی نن کړې ده، د ډسکشن د پاره تاسو اجازت ورکړے وو، نو زه به بیا دا تجویز کوم، دا خواست به حکومت ته هم کوم، منسټر صاحب ته به هم کوم چې پکار دا دے چې نه صرف یواځې د دې صوبې او د دې اسمبلۍ د ننه پارلیمانی لیډران چې وی، دا تاسو کښینوئ بلکه زما تجویز دا دے چې د دې صوبې څومره سیاسی پارټو صوبائی صدران دی یا صوبائی Office bearers دی، پکار دا دے چې دې ډرافټ له تاسو فائنل شکل ورکوئ، اسمبلئ ته د راوړلو نه مخکښې چې سول سوسائټی۔۔۔۔۔

(عشاء کی اذان)

جناب سردار حسین: زه سپیکر صاحب! دا خواست د حکومت نه کوم چې په دې صوبه کښې څومره سیاسی ګوندونه دی، د هغوی مشران د کښینوی، سول سوسائټی د کښینوی، میډیا ته دا ډرافټ ډیر زیات Open کړی ځکه چې کله دا Bill اسمبلئ ته راځی نو زما یقین دا دے که په دې باندې څوک تنقید کوی یا د دې څوک تعریف کوی، حکومت ته به یو ډیر زیات ښه خو دا به ورته یو ډیر زیات خصوصی، ځکه چې دا یره زه ځکه څرګندوم چې دوه ورځې وشوې چې زمونږ وزیر اعلیٰ صاحب په ډی آئی خان کښې هلته ناست دے نو هلته په ډی آئی خان / ټانک کښې، ټانک کښې خو الیکشن هم دے او مونږ ته دا خبره کیږی چې وزیر اعلیٰ صاحب د ډی آئی خان په دوره دے نو بیا خو په دې مونږ هم پوهیږو چې په ګاونډ کښې الیکشن وی او چیف ایګزیکټیو هلته ناست وی نو څه له ناست وی؟ نو بیا مونږ د دې خبرې نه اندیښنه څرګندوؤ چې دا کونسلران چې دی چې دا بالکل په جماعتی بنیادونو باندې راشی چې سبا دا نه وی چې بس وزیر اعلیٰ هاؤس ته هغه آزاد کونسلران را غونډیږی او بیا په تحریک انصاف کښې د

شمولیت اعلان کوی نو بیا به دې نه یوه ډیره لویه هلې بازی جوړیږی۔ ډیره زیاته مهربانی او ډیره زیاته شکریه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سردار صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں بڑا مشکور ہوں آپ کا کہ آپ نے مجھے ایک انتہائی اہم مسئلہ پر جو اس اسمبلی میں زیر بحث ہے، مجھے بھی بولنے کی اجازت دی۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جس طرح وزیر بلدیات صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کی جو بنیاد ہے، ہم غیر جماعتی بنیادوں پہ رکھیں گے، جو کونسلرز اور ناظمین کا الیکشن ہو گا، تو جناب، میں وزیر بلدیات صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آج اس ملک کے اندر نہ جنرل ضیاء الحق مرحوم کا دور ہے اور نہ ہی جنرل مشرف کا دور ہے تو آپ کیوں یہ غیر جماعتی کر رہے ہیں؟ یہ تو جمہوری حکومت خیبر پختونخوا میں الحمدللہ موجود ہے تو آپ جمہوریت کے اندر آمریت کو پروان چڑھانے سے گریز کریں، یہ میری تجویز ہے اور پھر دوسری، (قطع کلامی) میں اس وقت خیبر پختونخوا میں موجود ہوں جناب، جب پنجاب میں جائیں گے تو پنجاب کی بات کریں گے، تو دوسری جناب، جو میرا خدشہ ہے جناب سپیکر صاحب، جس طرح وزیر بلدیات صاحب نے فرمایا کہ جو ویلج کونسل ہو گی، یہ دو ہزار سے لیکر دس ہزار نفوس پر مشتمل ہو گی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ کہیں وزیر بلدیات صاحب کی اپنی جماعت اور تحریک انصاف کی جماعت کے جو علاقے ہونگے، یونین کونسلز ہونگی، وہ دو ہزار آبادی کے نفوس پر مشتمل ہو جائے اور جہاں پہ اپوزیشن کے لوگ ہوں، وہ دس ہزار پہ وہاں بنائی جائے تو Kindly اس کا Criteria ذرا ایک منتخب کر لیں مہربانی کر کے تاکہ سب کیلئے ایک ہی ویلج کونسل کا وہ ہو جائے اور تیسری گزارش جناب سپیکر صاحب، میری یہ ہے وزیر بلدیات صاحب سے کہ انہوں نے بڑی وضاحت سے جو یونین کونسل کے ممبر اور ناظمین منتخب ہو کے جائیں گے اور تحصیل ناظم کا اور ضلع ناظم کا فنکشن بڑی تفصیل سے انہوں نے بیان کیا اور ڈی ڈی سی کا بھی انہوں نے حوالہ دیا، تو میں یہ گزارش کروں گا کہ ذرا ممبر صوبائی اسمبلی کا بھی فنکشن، اس بل کی منظوری کے بعد ذرا آپ منسٹر صاحب! ممبر صوبائی اسمبلی کے اختیارات کی بھی وضاحت کر دیں کہ ہم یہاں پہ کس لئے آئے ہیں؟ تو میری یہ گزارش ہو گی آپ سے، حکومت سے کہ خدارا یہ خیبر پختونخوا ہے جناب، پاکستان کا صوبہ ہے، یہ European country نہیں ہے، یہ لندن نہیں ہے، یہاں پہ لندن والا نظام تب لائیں جب بالکل اس طرح کی ترقی اس صوبے کے اندر آپ کر چکیں تب لائیں۔ اب لوگوں کے پاس نہ پانی کی سہولت ہے، نہ سکول ہیں، میں آپ کو بتاؤں کہ ٹاٹیں تک سکول کے اندر، پرائمری سکولوں میں ٹاٹیں موجود نہیں ہیں، ڈیسک / بنچ موجود

نہیں ہے، صحت کیلئے کوئی سہولیات موجود نہیں ہیں۔ میں نے کل بھی یہاں پہ بات کی ہے، میں نے کال اٹنشن نوٹس، سپیکر صاحب نے کہا تھا کہ آپ لے آئیں، آج میں نے جمع کرایا تھا، نہیں آیا ہے۔ میرے حلقے میں کانگو وائرس جیسی ایک مہلک بیماری آئی ہے، میں خدا کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں کہ جو کچھ وزیر صحت صاحب نے کیا اس کیلئے، وہ اس اسمبلی کے سارے لوگ جانتے ہیں، میں بھی جانتا ہوں لیکن میں نے وہاں پہ کہا جی کہ یہاں پہ کوئی شخص پوائنٹ سکورنگ نہ کرے جنازے کے اوپر، صوبائی حکومت نے بڑا تعاون کیا ہے میرے ساتھ، وزیر صحت صاحب الرٹ رہے ہیں پورا دن اور سارا محکمہ، تو جناب، یہاں پہ صحت کی سہولت نہیں ہے سپیکر صاحب، یہاں پہ سڑکیں نہیں ہیں، تو کس طریقے سے ہمیں آپ کہہ رہے ہیں کہ جی بس ممبر صوبائی اسمبلی آئے اور لیجسلیشن کر کے واپس گھر کو چلا جائے؟ جو ممبران حکومتی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں، ان کو میں سمجھتا ہوں کہ یہ خطرے کی گھنٹی آپ کیلئے ہے، ذرا سوچنے پہ آپ دھیان دیں یہاں پر، آپ میں سے کیوں 32 پارلیمانی سیکرٹری فوری طور پر رکھے گئے ہیں؟ یہ چیزیں سوچنے کی ہیں جناب عالی، یہ جس طریقے سے وزیر بلدیات صاحب نے اس بل کی تشریح کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ممبر صوبائی اسمبلی کے پاس کچھ بھی نہیں رہے گا اور میں یہ گزارش کروں گا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی، سید محمد علی شاہ صاحب۔

<u>سید محمد علی شاہ</u>: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ زه Repetition کول نه غواړم جی، بنه پوره Detailed بحث په دې باندې وشو جی، کومې مينځ ته چې بابک صاحب هم په تفصيل خبرې وکړې، نورو ممبرانو صاحبانو هم بنه په تفصيل خبرې وکړې چې کوم هغه نچوړ دے جی، څلور خبرې دی، يو د Tenure خبره پکښې راغله جی، يو د ويلج کونسل چې کوم اليکشن دے هغه سياسی بنياد باندې کول غواړی، د جماعتی بنياد باندې جی، دريمه خبره چې ډسکشن وشی ټول ميډيا سره وشی، اپوزيشن سره وشی او عام خلقو سره ډسکشن وشی۔ دا څلور خبرې دی، درې څلور خبرې دی، زما په خيال منسټر صاحب مخامخ ناست دے، ديکښې خو مونږ ته پکښې څه حرج نه ښکاری جی، نو پکار دے چې دې Bill اسمبلئ ته راوړو نه مخکښې جی چې دې درې څلورو خبرو باندې بنه پوره تفصيلی بحث وشی او يو مشترکه 'بل' دلته راوړو او په اتفاق باندې به انشاء الله تعالیٰ اپوزيشن او چې کوم جماعتی بنچز والا دی نو په مشترکه دغه باندې ان شاء الله تعالی دا Bill پاس کړو Unanimously۔ ډيره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا صاحب د خبرہ وکړی۔ تاسو ته پلیز، مولانا صاحب، مولانا صاحب، مختصر کوئ خبرہ کوشش وکړئ، Proposal وبنائی بهتر به وی، Repetition نه گریز کوئ جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: بہت شکریہ جی۔ انتہائی ایک اہم مسئلے پر جس کے ساتھ صوبے کا مستقبل وابسطہ ہے، بحث ہو رہی ہے جناب سپیکر، لیکن جناب سپیکر، سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ جس نظام کی طرف بھی ہم جارہے ہیں تو خلوص کے ساتھ جانا چاہیئے۔ یہاں پر بات ہو گئی کہ یہ غیر جماعتی ہو یا جماعتی ہو؟ بہت ساتھیوں نے جماعتی اور غیر جماعتی سے سیاسی اور غیر سیاسی کا لفظ استعمال کیا، تو میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ذرا یہ بتاؤں کہ یہ سیاست یا سیاسی ہونے سے ہم کیوں ڈرتے ہیں؟ حالانکہ جناب سپیکر، یہ عربی گرائمر کا لفظ ہے اور یہ ساس، یسوس اور سوساً باب سے نکلا ہے اور اس کا مطلب ہے اصلاح کرنا اور سنوارنا، تو ہم کسی کو غیر سیاسی بنا کر کیا ہم غیر مصلح بنانا چاہتے ہیں؟ تو پھر تو یہ اس کا مصداق بنے گا کہ یفسیدون فی الارض ولا یصلحون یہ زمین میں فساد چاہتے ہیں، اصلاح نہیں چاہتے ہیں، لہذا یہ سیاست کے لفظ سے اور جماعت کے لفظ سے ہمیں نہیں ڈرنا چاہیے اور جناب والا، پھر ہمارے لئے تو کوئی مشکل نہیں ہو گی لیکن ہماری برسراقتدار جماعت، تحریک انصاف، یہ ادھر میجارٹی میں ہے، حکومت میں ہے اور پنجاب میں یہ اپوزیشن میں ہے، تو پنجاب میں ان لوگوں کا یہ مطالبہ ہے کہ یہ جماعتی بنیادوں پر ہونا چاہیے، اس پر وہ احتجاج بھی کرتے ہیں اسمبلی میں کیوں غیر جماعتی بنیاد پر ہو رہا ہے؟ اور پھر یہاں تک کہ وہ عدالتوں میں جانے کی بھی دھمکی دے رہے ہیں، تو ایسا نہ ہو کہ کسی ایک صوبے میں تحریک انصاف ایک نظام کے خلاف عدالت چلی جائے اور اس صوبے میں تحریک انصاف کے خلاف اپوزیشن والے عدالت میں چلے جائیں تو یہ ایک عجیب ماجرا ہو گا جناب سپیکر اور ایک عجیب تماشہ ہو گا اس ملک میں، تو لہذا یہ بات اور اس میں پھر آگے جا کر اندیشے بھی ہیں، ان کے ضمیر خریدنے کا، ان کی آزادی سلب کرنے کا بھی اندیشہ ہے جیسا کہ بابک صاحب نے فرمایا اور میرے دیگر ساتھیوں نے فرمایا، تو لہذا جماعتی بنیادوں پر ہونا چاہیے اور ان کو ایک نشان الاٹ کرنا چاہیے اور بنیاد سے، جیسا کہ ہم پر پابندی ہے، ہم اپنی پارٹی کو چھوڑ کر دوسری طرف نہیں جا سکتے ہیں لیکن جناب والا، آپ نے بھی دیکھا ہو گا، ہم نے بھی دیکھا ہے، PILDAT کی ایک رپورٹ بھی آئی ہے جس نے ہماری صوبائی حکومت کو 'منفی اعشاریہ چار' پر لے آیا ہے اور بلوچستان کو 'منفی اعشاریہ بارہ' پر لے آیا ہے تو لوگ ضرور کہیں گے کہ یہ لوگ PILDAT کی

رپورٹ وغیرہ، یہ عالمی اداروں کی رپورٹ کی وجہ سے کوئی خطرہ محسوس کرتے ہوئے یہ غیر جماعتی کی طرف چلے گئے اور کل کیلئے ان سب کو حکومتی پارٹی میں لاکر وہ اپنا، تو اس سے میری عرض یہ ہو گی جناب سپیکر کہ چونکہ تحریک انصاف کا ایجنڈا یہ نہیں ہے، تحریک انصاف کا ایجنڈا 'انصاف' ہے اور انصاف میں پھر یہ باتیں انصاف کے ساتھ زیب نہیں دیتی ہیں جناب سپیکر، اور دوسری بات یہ ہے کہ اس میں پھر بنیاد سے، پرائمری سطح سے یہ پورا ملک ایک پروگرام کے ساتھ وابستہ ہوگا، ایک مشن اور ان کا ایک پروگرام کے ساتھ وابستہ ہوں گے تو جو بھی آجائے، کوئی مسئلہ نہیں ہے جناب سپیکر۔ اب وفاق مسلم لیگ نون کی حکومت ہے، یہاں پر پی ٹی آئی کی حکومت ہے، اگر ایک ضلع میں کسی اور جماعت کی حکومت آجاتی ہے تو ہم کیوں برداشت نہ کریں؟ ہمیں اس ملک میں ایک دوسرے کو برداشت کرنے کو رواج دینا ہو گا جناب سپیکر۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ انتہائی اہم بل ہے، اس کو مشتہر کرنا چاہیے۔ جیسا کہ ایک بل ہم لائے تھے ایم ایم اے دور میں، "حسبہ بل"، اس کو ہم نے پہلے سے مشتہر کیا تھا جناب سپیکر، یہ نشتر ہال کس لئے بنا ہے؟ وہ تو اس لئے بنا ہے کہ ان جیسے بل میں سول سوسائٹی کو، عوامی نمائندوں کو، میڈیا کو، اس فن کے ماہرین سب کو بلایا جائے اور سب کی رائے اس میں شامل کی جائے اور اس کے بعد اسمبلی میں لایا جائے اور اس کو پاس کرایا جائے۔ تو میرے خیال میں اس میں عجلت نہیں کرنی چاہیے کیونکہ عجلت میں جو کام ہوتا ہے، اس کے ثمرات اور فوائد اچھے نہیں ہوتے ہیں جناب سپیکر۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ٹھیک۔ وزیر بلدیات صاحب سے گزارش کرتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب عسکر پرویز:</u> سر، یہ ایک ریکویسٹ ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> پلیز سر۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> عسکر پرویز صاحب! ریکویسٹ ہے، ٹائم بھی پورا ہے۔

<u>جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات):</u> رولز آف بزنس چې کوم۔۔۔۔

<u>جناب عسکر پرویز:</u> ایک ضروری بات میں بھی اقلیت کی جانب سے کرنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> چلیں جی، آپ۔ عنایت صاحب! معافی چاہتے ہیں۔

<u>وزیر بلدیات:</u> دریا کو کوزے میں بند کریں، ماشاء اللہ۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی عسکر پرویز صاحب، پلیز۔

جناب عسکر پرویز: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ ایک دو چار چھوٹے چھوٹے کوئسچنز ہیں، میں زیادہ ٹائم نہیں لیتا۔ منسٹر صاحب نے بڑی تفصیل سے یہ ویلج کونسل اور ضلع کونسل کے خدو خال بیان کئے ہیں لیکن اس میں انہوں نے کہیں پر بھی یہ نہیں بتایا کہ ان ساری ویلج کونسلز میں اور یہ جو ضلعی کونسلز ہونگی، ان میں اقلیتوں کا کیا کردار ہوگا، ان میں ان کی کیا Seats ہونگی، کیا کوٹہ ہوگا؟ اس بارے میں بھی انہوں نے کچھ بریف نہیں کیا۔ دوسرا جیسے نلوٹھا صاحب نے کہا ہے کہ ڈیڈک کی کمیٹی بحال رہے گی اور ڈیڈک کا جو سسٹم مجھے یہ نظر آ رہا ہے کہ اس میں تو مطلب ایک عام 'الیکٹڈ' ممبر کا بھی کوئی کردار نہیں رہے گا، تو یہ جو Reserved seats والی خواتین ہیں اور جو اقلیتی ممبرز ہیں، ان کا تو اس میں بالکل کسی قسم کا کوئی کردار باقی رہے گا ہی نہیں کیونکہ ہمارے پاس تو پورے صوبے کا ایک جو 'الیکٹڈ' ممبر ہے، اس میں تو صرف ایک ڈیڈک چیئرمین شپ کے ساتھ، چیئرمین کے طور پر کام کر سکتا ہے لیکن جو ہمارے اقلیتی ممبران ہیں اور جو فیمیل ممبرز ہیں، ان کے پاس تو کوئی ایک ضلع نہیں ہے، ہم لوگوں نے تو کوہستان سے لیکر مردان، ڈی آئی خان، بنوں ہر جگہ پہ کام کرنا ہوتا ہے، تو ہم لوگوں کا اس میں کیسے وہ ہوگا؟ اور دوسرا یہ جو کونسلز بنتی ہیں، ان کا جو بجٹ ہوتا ہے، وہ تو Already بہت چھوٹا ہوتا ہے، تو یہ ہمارے ممبران صوبائی اسمبلی کا تو بجٹ کافی بڑا ہوتا ہے اور اس کے اوپر یہ بھروسہ نہیں کر رہے ہیں تو وہ جو پندرہ بیس لوگوں کی جو یہ کونسل، ویلج کونسل یا ضلعی کونسل ہوگی، اس کو جب یہ بیس سے پچیس لاکھ کا بجٹ دیں گے تو اس کا کیا Criteria ہوگا کہ اس میں تمام جو طریقہ کار ہے، وہ شفاف طریقے سے ہوگا؟ اس کو ذرا بتادیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب عنایت اللہ خان صاحب، پلیز۔

وزیر بلدیات: سر، میں سمجھتا ہوں کہ میری Communication میں پرابلم ہے، Probably میں Communicate properly نہیں کر سکا۔ میرا خیال ہے کہ اس میں بہت سے پوائنٹس ایسے Raise ہوئے ہیں جو Already میں نے Address کئے تھے لیکن میں دوبارہ ان کو Repeat کروں گا۔ دو باتوں کی طرف توجہ دینا چاہوں گا کہ اس وقت 2012 کا جو ایکٹ تھا، وہ بھی Non party basis پر تھا، ایک پولیٹیکل پارٹی کے دور میں اس کو Non party basis پہ مطلب وہ الیکشنز ہونا تھے اور جو پنجاب کا ہے وہ بھی Non party basis پہ ہے اور میرے خیال میں یہ جو خیبر پختونخوا کے اندر ایکٹ لایا جارہا ہے، یہ بڑا Progressive ہے اور میں نے بتادیا Categorically کہ یہ تحصیل کونسل اور ضلع کونسل بالکل پارٹی بنیادوں پر ہونگی اور جو بابک صاحب نے Horse trading کی بات کی

ہے،That village council is not an electoral college، وہ Electoral college ہی نہیں ہے تو اس میں Horse trading کیسے ہو گی؟ Electoral college ضلع کونسل کیلئے وارڈ کی Basis پہ، یونین کونسل کے وارڈ کی Basis پہ لوگ Elect ہونگے، الگ لوگ Elect ہونگے، اس طرح ضلع کونسل اور تحصیل کونسل کیلئے، تو وہی لوگ پارٹی بنیاد پر منتخب ہونگے، تو میرے خیال میں اس میں تو Horse trading کی پھر گنجائش ہی نہیں رہے گی اور یہ جو بابک صاحب نے کہا ہے کہ پراونشل اسمبلی کے ممبران کی لیجسلیشن پہ توجہ ہے، It`s music to my ears اور میرا خیال ہے کہ میں اور بابک صاحب اس چیز پہ ایک Page پہ ہیں لیکن I am sure کہ اس ہاؤس کے میجارٹی ممبران اس پہ Agree نہیں کرتے ہیں، اگر میجارٹی Agree کرتے ہیں، میں بالکل اس کے حق میں ہوں، انہوں نے جو Statement دی ہے، یہ میرے لئے بڑا وہ ہے لیکن اس کے ساتھ ہی نلوٹھا صاحب نے کہا کہ بھئی آپ ڈیڈک کے ساتھ کیا کر رہے ہیں؟ ادھر سے آواز آئی ڈیڈک کے ساتھ کیا کر رہے ہیں؟ میں نے کہا کہ ڈیڈک بحال رہے گی، ڈی ڈی سی ختم ہو گئی ہے، صوبائی اسمبلی کا ممبر ڈیڈک کا چیئرمین ہو گا اور اس میں ضلع کونسل کے ناظم اور تحصیل ناظمین جو ہیں، اس کے ممبران ہونگے اور اس کے اندر پھر جو کام ڈی ڈی سی کر رہی تھی، وہ ڈیڈک کرے گی۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں اور میں نے یہ کہا کہ یہ Open ہے، یہ Open ہے، اس پہ آگے بھی ڈسکشن اور وہ ہو سکتی ہے، میڈیا کے ساتھ، اس پہ آٹھ دس ہماری میٹنگز پشاور کے اندر ہوئیں، اسلام آباد میں، یعنی میرا زیادہ وقت اسی لوکل گورنمنٹ کے اوپر جو ورکنگ گروپ بنا تھا، اس میں میرا گزشتہ تین مہینوں کے اندر زیادہ وقت اس نے Consume کیا ہے، مسلسل اس پہ میٹنگز ہوتی رہی ہیں اور میں نے کوئی چیز میڈیا سے نہیں چھپائی ہے۔ جب بھی میں نکلا ہوں، جو ڈسکشنز ہوئی ہیں، اس کو میں میڈیا کے سامنے Open کیا ہے، اس پہ Statements بھی دی ہیں، میڈیا کو انٹرویوز بھی دیئے ہیں، اگر ہم Sacred document اس کو بنانا چاہتے تھے تو ہم بنا سکتے تھے، ہم اس کو ہاؤس میں بھی Disclose نہ کرتے، ہم نے کسی بھی سٹیج پہ، اس ورکنگ گروپ کے اندر این جی اوز کے نمائندے بھی، سول سوسائٹی نے اس کے اوپر ورکشاپ بھی کئے ہیں، اس لئے اس کو Open کیا گیا ہے لیکن میرے خیال میں یہ جو ہاؤس ہے، یہ سب سے زیادہ Effective اور Better forum ہے اور اس کے سامنے آئے گا تو آپ کو پورا موقع دیا جائے گا، اس پر ڈسکشن اور ڈیبیٹ ہو سکے گی۔ میں نے کوشش کی ہے، Tenure کا بھی معاملہ جو ہے، اس کو بھی Re-visit کیا جا سکتا ہے، یہ کوئی

Closed چیزیں نہیں ہیں، ویلج کونسل کو پارٹی بنیادوں پہ بنانے کا مسئلہ ہے، اس پہ بھی ڈسکشن ہو سکتی ہے۔ میں نے پہلے کہا ہے کہ Debatable ہے، ہمارا ایک Point of view ہو سکتا ہے کہ اس ہاؤس کی میجارٹی اس کے ساتھ Agree نہ کرے، اس کو بھی Re-visit کیا جا سکتا ہے۔ یہ ہم ویلج کو قبائلی بنیادوں پہ تقسیم نہیں کرنا چاہتے، ہم چاہتے کہ ویلج ویلج کی طرح رہے، ویلج کے اندر لوگ ویلج کی طرح مل کے رہیں اور اس کو Intact رکھیں، اس کی Unity کو بحال کریں۔ اگر اس ہاؤس کے ممبران سمجھتے ہیں کہ اس کو بھی پارٹی بنیادوں پر ہونا چاہیے تو اس کو بھی پارٹی بنیادوں پہ کیا جا سکتا ہے، اس کے بارے میں کوئی Hard line نہیں Draw کی گئی ہے، اس لئے اس کو دوبارہ، مطلب میرا خیال ہے کہ یہ جو ڈسکشنز ہوئی ہیں، یہ آپ کی وساطت سے میں ان سے گزارش کروں گا کہ کافی ہیں اور آگے ان شاء اللہ اس پہ جب اسمبلی میں آئے گا تو اس پر بھرپور ڈسکشن بھی کریں گے، ضرورت پڑی تو پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ بھی اس کو اس وقت ڈسکس کریں گے، سیلیکٹ کمیٹی جو بھی اس وقت صورت بنی ان شاء اللہ اور ان کو پورا موقع دیا جائے گا۔ تھینک یو، سر۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. The Sitting is adjourned till 3.00 p.m. of tomorrow.

(اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 18 ستمبر 2013 بعد از دوپہر تین بجے تک ملتوی ہو گیا)